Member APNS
کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
ABC Certified
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | جمعرات یکم اکتوبر 2026ء | 18 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 82
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

صحت، غذائی قلت کے خاتمے اور تحفظ کو بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش کی ملاقات، غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق

بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے، غذائی تحفظ، غذائیت کی بہتری اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں وسعت سمیت باہمی تعاون (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج، وزیر اعظم سے ایاز صادق کی اہم ملاقات

وزیر اعظم شہباز شریف کی صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات بھی متوقع ہے

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے ممکنہ نفاذ کے معاملے پر وزیر اعظم شہباز شریف سے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے ملاقات کی جس (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپس پہنچ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری کا چین کے ساتھ تزویراتی شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ

سی پیک دونوں ممالک کی روایتی دوستی اور سدا بہار سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کی واضح علامت ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کے ساتھ تزویراتی شراکت داری کو کہ چین - پاکستان (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف عوامی جمہوریہ چین کی 77 ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

خواجہ آصف کا کسی بھی خطرے کی صورت میں سعودی عرب کے دفاع کا اعلان

سعودیہ کا دشمن پاکستان کا دشمن

پاکستان کی فوجی صلاحیتیں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان طے پانے والے نئی دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گی

کسی بھی کشیدگی میں سعودی عرب کی مدد کیلئے موجود ہیں، پاکستان تمام دستاب وسائل استعمال کرے گا، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ حوثی سعودی عرب کے خلاف جارحیت کا ارتکاب کر رہا ہے اور ہم کسی بھی کشیدگی میں سعودی عرب کی مدد (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے وکلاء کی فہرست جیل حکام کے حوالے کر دی گئی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے فوکل پرسن اویس یونس چوہدری ایڈووکیٹ نے فہرست جیل حکام کو دے دی۔ ذرائع کے مطابق فہرست میں (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

عباس عراقچی کو 7 روزہ تجویز پر امریکا کا جواب موصول

عباس عراقچی ایران میں امریکی جواب پر تبادلہ خیال کریں گے، غیر ملکی میڈیا

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کو جنگ کے خاتمے کے لیے 7 روزہ تجویز پر امریکا کا جواب موصول ہوگیا۔ دوحہ میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ان (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

کراچی: گورنر سندھ و بلوچستان نہال ہاشمی، جعفر مندوخیل و دیگر نواب جام قائم علی کے عشائیے میں شریک ہیں

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد: چارسدہ (این این آئی) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی طور پر بہت کمزور ہو چکی ہے، نہیں لگتا سہیل آفریدی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

افغانستان کو کراس بارڈر دہشتگردی روکنا ہوگی، طلال چوہدری

افغانستان میں امن و پاکستان میں امن دونوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں

اقوام متحدہ سمیت دیگر ادارے کہہ چکے افغانستان میں متعدد دہشتگردوں کے ٹھکانے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان امن چاہتا ہے، جس کیلئے افغانستان کو کراس بارڈر دہشت گردی روکنا ہوگی۔ بدھ (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

میر علی میں 3 خارجی ہلاک، بلوچستان میں آپریشن، ایک دہشتگرد مارا گیا، دو فرار

ضلع سوراب کے علاقے مال مدرسہ کے قریب سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں ایک دہشتگرد ہلاک اور دوسرا فرار ہوگیا

بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، صدر، وزیر اعظم

میر علی/ کوئٹہ/ اسلام آباد (این این آئی) میر علی میں سیکیورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں 3 خارجی ہلاک ہوگئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے میر علی میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس فائلر بننے کیلئے گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کر دی۔ ایف بی آر اعلامیے کے مطابق انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

ایران کی صورتحال بہت خراب ہے، نہیں معلوم وہ ابھی ہتھیار ڈالے یا نہیں، ٹرمپ

ہمیں مصنوعی ذہانت کے میدان میں نمایاں برتری حاصل ہے اور ہم اسے برقرار رکھنا چاہتے ہیں

تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی صورتحال بہت خراب ہے، نہیں معلوم کہ وہ ابھی ہتھیار ڈالنے والے ہیں یا نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم ہاؤس میں اعلیٰ سطح کا اجلاس، پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے اعلان اور بیک ڈور رابطوں کا جائزہ لیا، آرٹیکل 233 اور 234 پر آرا لی گئیں

پی ٹی آئی سیاسی طور پر کمزور ہو چکی (زیر اطلاعات) بانی پی ٹی آئی کو تمام بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے، پی ٹی آئی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کے مشاورتی اجلاس میں وزیر اعظم ہاؤس میں اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے سے متعلق مختلف آپشنز پر غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزرا اور اہم ذمے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

میر سرفراز بگٹی عالمی امن استحکام اور ترقی میں چین کا اہم کردار ہے

شہباز شریف

سی پیک کے نئے فیز میں صنعتکاری، خصوصی اقتصادی زونز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت، زراعت، کان کنی اور معدنیات پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی

چین پاکستان اقتصادی راہداری ہماری دیرینہ دوستی اور اپنے عوام کے لئے زیادہ خوشحال اور ترقی یافتہ مستقبل کے مشترکہ عزم کی مظہر ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے چین کے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے قومی دن پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے، سی پیک کے نئے فیز میں صنعتکاری، خصوصی اقتصادی زونز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت، زراعت، کان کنی اور معدنیات پر خصوصی توجہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

منگولیا: وفاقی وزیر احسن اقبال ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے ملاقات کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کا توانائی کے شعبے میں اصلاحات تیز کرنیکا مطالبہ

وفد کو پاکستان کی جانب سے گردشی قرضہ کم کرنے کیلئے مرتب کردہ پلان اور حکمت عملی کے بارے میں آگاہ کیا گیا

آئی ایم ایف کا پاکستان پر گردشی قرضہ کے اہداف کے حصول کو یقینی بنانے پر زور، 1600 ارب تک محدود رکھنا ہدف ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف جائزہ ٹیم کے درمیان ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلیٹی پروگرام کے تحت چوتھے اقتصادی جائزہ کیلئے جاری مذاکرات میں آئی ایم ایف نے توانائی کے شعبے میں اصلاحات تیز کرنے اور توانائی کے شعبے میں سرکلر ڈیبٹ کے اہداف کے حصول کا مطالبہ کر دیا جبکہ آٹو پالیسی کو طے کردہ نتائج مارکس کے مطابق ہم آہنگ کرنے کی تجویز دی ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری سے اہم سیاسی و حکومتی شخصیات کی ملاقاتیں

سید مراد علی شاہ کی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات، سیاسی و انتظامی صورتحال سمیت جاری حکومتی امور سے آگاہ کیا

سندھ کی سیاسی و انتظامی صورتحال، حکومتی امور اور مختلف محکموں کی کارکردگی پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے بلاول ہاؤس کراچی میں اہم سیاسی و حکومتی شخصیات نے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی اور ن لیگ میں پارلیمانی امور پر مشاورت، اجلاس میں اہم معاملات پر غور

آئی ایم ایف سے متعلق فنانس کے معاملات پر قانون سازی سے متعلق امور پر مشاورت کے ساتھ قومی اسمبلی اجلاس بلانے اور ایوان کی کارروائی سے متعلق بھی بات

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی چیمبر میں پاکستان پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان پارلیمانی امور پر مشاورت میں دونوں پارٹی کے رہنما شریک ہوئے۔ (ن) لیگ کے طارق فضل چوہدری بلال اظہر کیانی وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ بھی اجلاس میں موجود (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

پورٹ قاسم اتھارٹی، گوادر پورٹ اتھارٹی اور لائف انشورنس نیشلائزیشن بل کے معاملات پر مشاورت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر چیمبر میں پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کے درمیان پارلیمانی امور پر مشاورتی اجلاس ہوا جس (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ سیاسی اور اٹل فیصلہ ہے، بیرسٹر گوہر

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، نہ ہی کوئی ایمرجنسی کی صورتحال ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی ہی رہیں گے، ایم پی ایز وزیر اعلیٰ کے لیے اپنی سی ویز جیب میں رکھیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ سیاسی اور اٹل فیصلہ ہے، یہ ہمارا جمہوری حق بھی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

ایوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کی پارٹی کیخلاف 2 مقدمات الیکشن کمیشن میں مقرر

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کی جماعت پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے خلاف 2 مقدمات (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

روس میں کروز میزائل لے جانے والا فوجی بمبار طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، 6 ہلاک

ماسکو (این این آئی) روس کے مشرقی علاقے آمور میں فوجی طیارہ پرواز کے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کے موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کا گروپ فوٹو

بھارت کو پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنیکی اجازت نہیں دی جائیگی، عطا تارڑ

سندھ طاس معاہدے کی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی کے وسیع تر اثرات دنیا بھر میں سرحد پار پانیوں کے انتظام پر مرتب ہو سکتے ہیں

پاکستان بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے قومی مفادات کا دفاع جاری رکھے گا، عالمی برادری کو اس معاملے کی حساسیت کا ادراک کرنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر معطل، منسوخ یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا، پانی پاکستان کے 24 کروڑ عوام کا بنیادی اور مسلمہ حق ہے، بھارت کو پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، پاکستان بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے قومی مفادات کا دفاع جاری رکھے گا، (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی قیادت میں ارکان اسمبلی ملاقات کر رہی ہیں

بجلی چوری پر ڈی ٹیکشن بل 12 ماہ تک چارج کرنے کی تجویز

لاہور (این این آئی) بجلی چوری کی مد میں صارفین کو ڈی ٹیکشن بل چارج کرنے کے قوانین میں ترمیم کی تجویز سامنے آ گئی۔ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

امریکی افواج کا 23 سال بعد عراق میں مشن آج مکمل، انخلا کر لیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی افواج نے عراق میں 2 دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط جنگ کے بعد اپنا مشن ختم کر دیا۔ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

حکومت کی ناقص اور غیر واضح پالیسی سمجھ سے بالاتر ہے، مولانا عبدالواسع

اس وقت بلوچستان پہلے ہی سنگین معاشی اور انتظامی بحران سے دوچار ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومت کی ناقص اور غیر واضح پالیسی سمجھ سے بالاتر ہے، ایک طرف عوام کے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

امریکی جنگی جہاز ہرمز کے داخلی حصے اور خلیج فارس سے 500 کلومیٹر پیچھے چلے گئے، پاسداران

واشنگٹن (این این آئی) پاسداران انقلاب ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی جنگی جہاز آبنائے ہرمز کے داخلی حصے اور خلیج فارس سے پانچ سو کلومیٹر پیچھے چلے گئے۔ بریگیڈیئر جنرل (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

پیرس: تعلیمی سہولیات نہ ملنے پر فرانسیسی طلبا احتجاج کر رہے ہیں، دوسری جانب سڑک پر آگ لگا دی گئی ہے

ایل پی جی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ، اوگرا نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

گھریلو استعمال کے 11.8 کلوگرام کے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 244 روپے 14 پیسے اضافہ

اکتوبر میں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر کی قیمت 3296 روپے مقرر کی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل پی جی کی قیمت میں بڑا اضافہ کر دیا ہے۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اکتوبر (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ عوامی جمہوریہ چین کی 77 ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز میں 4 تجارتی جہازوں پر حملے، عالمی توانائی بحران کا خدشہ

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز میں جہاز رانی معمول پر آنے کے بجائے مزید متاثر ہونے لگی، جس سے تیل و گیس کی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

مجھے نہیں لگتا سہیل آفریدی سیاسی طور پر اتنے طاقتور ہیں کہ لانگ مارچ کر سکیں، عطا تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

جنگ سے ایران کو زیر نہیں کیا جا سکتا، پیزشکیان

امریکا اور اسرائیل اندرونی اختلافات بڑھانا چاہتے ہیں، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پیزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل اس نتیجے پر پہنچ چکے ہیں کہ جنگ اور فوجی کارروائی کے ذریعے ایرانی عوام کو جھکانا ممکن نہیں (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

ایم ٹی آنر 25 بچاؤ آپریشن میں عملے کے 5 ارکان سمیت 3 پاکستانی شامل ہیں

خارجہ دفتر

ایم ٹی آنر 25 کے عملے کے 4 ارکان زخمی ہوئے، زخمیوں میں 3 پاکستانی شامل ہیں، زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر کے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے

جبوتی میں پاکستانی سفارتخانے کی ٹیم پاکستانی شہریوں کی مدد کیلئے بندر بیلا روانہ ہوگئی

عمران خان کو اسلام آباد پر چڑھائی سے نہیں عدالتوں سے رہائی ملے گی، رانا ثناء اللہ

وزیر اعظم کی اب بھی ترجیح ہے خیبر پختونخوا حکومت آئین کے مطابق کام کرے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ایمرجنسی لگانا پسندیدہ عمل نہیں، تاہم اگر خیبر پختونخوا حکومت اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری نہیں کرے گی اور وفاقی حکومت پر چڑھ دوڑے گی تو آئین میں راستہ موجود ہے۔ نجی ٹی وی کے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب میں اتاری گئی فلائی دبئی کی پرواز ان سیٹ میں جہاز کا اندرونی منظر اور زخمی افراد

امن کے قیام کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، گورنر

چیلنجنگ صورتحال کے باوجود فیلڈ مارشل اور وزیر اعظم کی کوشش ہے کہ ملکی معیشت مضبوط کی جائے، جام قائم علی

کراچی (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے میں امن کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے یہ بات کراچی میں جام قائم علی کی رہائش گاہ پر برطانیہ کی نئی ڈپٹی ہائی کمشنر علیسن بلیکبرن (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: پی ٹی آئی کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر شاہراہوں کو کنٹینرز رکھ کر بند کر دیا گیا ہے

کرکٹ ورلڈ کپ: پاکستان و بھارت کو ایک ہی گروپ میں رکھنے کا امکان

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے ون ڈے ورلڈ کپ 2027 میں روایتی حریف پاکستان اور بھارت کو ایک بار پھر (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے سے خیبر پختونخوا کے حالات مزید خراب ہوں گے، ایمل ولی خان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کا (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کا حتمی فیصلہ، ارکان اسمبلی کو ہدایات جاری

لانگ مارچ پرامن ہوگا، کارکن اور ارکان اسمبلی دو ہاتھ اور دو پاں لیکر جائیں گے، غلیلیں، ڈنڈے اور بندوقیں لے کر نہیں جائیں گے

وزیر اعلیٰ کی قیادت میں قافلہ پشاور سے روانہ ہوگا، اراکین اور کارکنان انتشار پھیلانے والوں پر نظر رکھیں، سہیل آفریدی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 4 اکتوبر کو اسلام آباد مارچ کا حتمی فیصلہ کرتے ہوئے تمام ارکان اسمبلی، پارٹی عہدیداروں، ذیلی تنظیموں کو تیاری کی ہدایات جاری کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے 27 ستمبر سے موخر کیے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

غزہ معاہدے پر عملدرآمد میں ناکامی، فلسطینیوں کے امن بورڈ پر تحفظات بڑھ گئے

امن بورڈ غزہ معاہدے پر عملدرآمد کروانے میں ناکام رہا ہے

فعال کردار ادا کرنے کے بجائے محض تماشائی بن گیا، ابراہیم المدحون

غزہ (این این آئی) فلسطینی میڈیا فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ابراہیم المدحون نے کہا ہے کہ امن بورڈ غزہ معاہدے پر عملدرآمد کروانے میں ناکام رہا ہے اور فعال کردار ادا کرنے کے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

مکہ دفاعی معاہدے میں اہم پیش رفت، سیکرٹریٹ کے قیام کا فیصلہ

اجلاس میں سمندری راستوں کے تحفظ، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون سے متعلق امور کو اہمیت دی گئی

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت کابینہ کے اجلاس میں مکہ دفاعی مشترکہ معاہدے کے سیکرٹریٹ کے قیام اور سعودی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کو امن دو، عوامی مطالبات تسلیم کیے جائیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

نوجوانوں کو روزگار اور تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو امن دو، عوامی مطالبات تسلیم کیے جائیں، پٹرول پر نا جائز ٹیکسز اور بھتہ خوری کا خاتمہ کیا جائے، بارڈر تجارت بحال کی جائے، نوجوانوں کو (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

لانگ مارچ موخر۔۔۔۔۔۔۔

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اعلان کیا ہے کہ تحریک انصاف کا 27 ستمبر کو اسلام آباد کی جانب جانے والا لانگ مارچ موخر کرکے اسے 4 اکتوبر کر دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق یہ فیصلہ پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں اتفاقِ رائے سے کیا گیا اور مارچ پشاور سے شروع ہوگا۔ سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ احتجاج پُرامن ہوگا اور لانگ مارچ کے باوجود مذاکرات اور ڈائیلاگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔ دوسری جانب وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے مارچ موخر کرنے پر تحریک انصاف کو آڑے ہاتھوں لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ احتجاج سے ''بھاگ رہے ہیں''۔ انہوں نے چیلنج کیا کہ ''ہمت ہے تو آو؟ لانگ مارچ کرو'' اور کہا کہ ہمت ہے تو دھرنا دیں۔ پاکستان اس وقت ایک ایسی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے جہاں سیاسی عدم استحکام کسی ایک جماعت، حکومت یا صوبے کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے ملک کے لیے تشویش کا باعث ہے۔ ایک طرف معاشی مشکلات، مہنگائی، بے روزگاری اور کاروباری طبقے کے مسائل ہیں تو دوسری جانب دہشت گردی اور امن وامان کے سنگین چیلنجز بھی موجود ہیں۔ ایسے حالات میں ملک کو سب سے زیادہ سیاسی استحکام، سنجیدگی اور قومی سطح پر مفاہمت کی ضرورت ہے، مگر بدقسمتی سے حکومت اور اپوزیشن ایک دوسرے کو قبول کرنے کو تیار نہیں۔ خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت بھی اس سیاسی کشمکش کا ایک اہم فریق بن چکی ہے۔ لانگ مارچ اور دھرنے اپوزیشن کی سیاسی حکمت عملی کا حصہ ہوسکتے ہیں اور پُرامن احتجاج کا حق بھی آئینی دائرے میں موجود ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں کی پہلی ترجیح کیا ہونی چاہیے؟ اسی طرح حکومت کی ذمہ داری بھی محض اپوزیشن کے احتجاج کو روکنا یا اسے ناکام قرار دینا نہیں۔ ''ہمت ہے تو آو'' اور ''ہم ہر صورت آئیں گے'' جیسے بیانات سیاسی کارکنوں کا جوش تو بڑھا سکتے ہیں لیکن ملک کو درپیش مسائل کا حل فراہم نہیں کرسکتے۔ دونوں طرف سے سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کی ضرورت ہے۔

حکومتی احکامات پر مواصلات وتعمیرات کے اقدامات

تحریر:۔اختر منگی

عوام کو زندگی کی تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کا آئینی و قانونی حق ہے، جس کی فراہمی کے حوالے سے موجودہ بلوچستان حکومت ترجیحی بنیادوں پر مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جن میں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کی بحالی و بہتری کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ نصیرآباد ڈویژن رقبے اور آبادی کے لحاظ سے بلوچستان کا ایک اہم ڈویژن ہے، جہاں دور دراز علاقوں کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے کے لیے بہتر اور مضبوط روڈ نیٹ ورک کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ سڑکوں کی بہتر سہولت سے نہ صرف عوام کو آمدورفت میں آسانی میسر آتی ہے بلکہ تجارت، زراعت، تعلیم، صحت اور دیگر معاشی وسماجی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملتا ہے۔ اسی طرح تعلیم اور صحت کے شعبوں میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے سرکاری اسکولوں، کالجوں، بنیادی مراکز صحت، دیہی مراکز صحت اور دیگر اداروں کی عمارتوں کی تعمیر، بحالی اور ضروری سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ اگر تعلیمی وطبی اداروں کی عمارتیں خستہ حال ہوں یا بنیادی سہولیات سے محروم ہوں تو اس سے ایک طرف عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو دوسری جانب عوام کی خدمت پر مامور سرکاری ملازمین بھی اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں ادا نہیں کر پاتے۔ موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے انفراسٹرکچر، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں جاری منصوبوں کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ نصیرآباد ڈویژن میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، سرکاری عمارتوں کی بحالی، تعلیمی اداروں کی بہتری اور صحت کے مراکز کو فعال و سہولیات سے آراستہ کرنے کے اقدامات سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ آج میں اپنی اس تحریر میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے وژن کو عیاں کرنے کی کوشش کروں گا کہ ان کی قیادت میں صوبائی وزراء اور صوبائی سیکرٹریز مفاد عامہ میں اقدامات کرنے میں مصروف عمل ہیں اور صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے مربوط انداز میں اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں جیسا کہ میں نے اپنی بالائی تحریر میں روڈز اور بلڈنگز کی تعمیر ومرمت کا ذکر کیا، یقینی طور پر بلوچستان حکومت کے اس وژن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں سڑکوں کا مضبوط اور مؤثر نیٹ ورک نہ صرف دور دراز علاقوں کو شہری مراکز سے منسلک کرتا ہے بلکہ اس کے ذریعے عوام کو تعلیم، صحت، تجارت، زراعت اور دیگر بنیادی سہولیات تک رسائی بھی آسان ہوتی ہے۔ اسی طرح سرکاری عمارتوں کی تعمیر، مرمت اور بحالی سے عوام کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری افسران و ملازمین کو بھی اپنی خدمات زیادہ مؤثر انداز میں انجام دینے میں سہولت ملتی ہے۔ بلوچستان حکومت کے اس وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی ہدایات اور احکامات کی روشنی میں نصیرآباد ڈویژن میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے انجینئرز اور متعلقہ افسران مفاد عامہ کے منصوبوں پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لارہے ہیں۔ نصیرآباد ڈویژن رقبے، آبادی، زرعی اہمیت اور جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے بلوچستان کا ایک اہم ڈویژن ہے، جہاں مختلف اضلاع اور دور دراز علاقوں کو باہم مربوط رکھنے کے لیے بہتر روڈ نیٹ ورک ناگزیر ہے۔ ایسے علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے نہ صرف عوام کو آمدورفت کی بہتر سہولت میسر آتی ہے بلکہ کسان اپنی زرعی پیداوار منڈیوں تک آسانی سے پہنچا سکتے ہیں، طلبہ و طالبات کو تعلیمی اداروں تک رسائی میں آسانی ہوتی ہے اور مریضوں کو طبی مراکز تک بروقت پہنچانے میں بھی مدد ملتی ہے۔ محکمہ مواصلات وتعمیرات کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں میں معیار، رفتار اور عوامی ضرورت کو مدنظر رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ کسی بھی منصوبے کی اصل کامیابی اسی وقت ممکن ہوتی ہے جب اس کے ثمرات براہ راست عام آدمی تک پہنچیں۔ نصیرآباد ڈویژن میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے انجینئرز کی نگرانی میں جاری منصوبوں کی مؤثر نگرانی، تعمیراتی معیار پر توجہ اور مقررہ مدت میں تکمیل سے نہ صرف حکومتی وژن کو تقویت ملے گی بلکہ عوام کا سرکاری اداروں پر اعتماد بھی مزید مضبوط ہوگا صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی رہنمائی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے افسران اور انجینئرز اسی جذبے کے ساتھ اپنی خدمات جاری رکھتے ہوئے نصیرآباد ڈویژن کے مختلف علاقوں میں سڑکوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر عوامی منصوبوں کو بہتر بنانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں، تاکہ حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات عملی طور پر نمایاں ہوں اور ان منصوبوں سے زیادہ سے زیادہ شہری مستفید ہوسکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی پائیدار ترقی کے لیے نہ صرف مختلف ترقیاتی منصوبوں کو متعارف کروا کر عملی شکل دے رہی ہے بلکہ ان منصوبوں کے معیار، رفتار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے بھی متعلقہ محکموں کے اعلیٰ سطحی افسران کے ذریعے مؤثر نگرانی کا نظام قائم کیے ہوئے ہے، تاکہ سرکاری وسائل سے تعمیر ہونے والے منصوبے مقررہ معیار کے مطابق مکمل ہوں اور ان کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ خصوصاً محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت جاری سڑکوں، پلوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر عوامی نوعیت کے منصوبوں کی نگرانی اس لیے بھی اہمیت رکھتی ہے کہ ان منصوبوں کا براہ راست تعلق عوام کی روزمرہ زندگی، آمدورفت، کاروباری سرگرمیوں، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی ضروریات سے ہے۔ نصیرآباد زون میں ان ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور پیش رفت کی نگرانی کی ذمہ داریاں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے چیف انجینئر بشیر ناصر انجام دے رہے ہیں، جو مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا خود دورہ کرکے موقع پر کام کی رفتار، تعمیراتی معیار اور منصوبوں سے متعلق دیگر امور کا جائزہ لے رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں بھی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی ہدایات اور احکامات کی روشنی میں چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات بشیر ناصر نے نصیرآباد زون میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ انجینئرز اور افسران کی جانب سے انہیں جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں منصوبوں کی موجودہ صورتحال، تعمیراتی پیش رفت، درپیش مسائل، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل، مقررہ مدت اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں آگاہ کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی جانب سے واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تعمیراتی کام مقررہ معیار اور منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ سرکاری وسائل سے تعمیر ہونے والے منصوبے عوامی مفاد میں ہوتے ہیں، اس لیے ان کی تکمیل میں شفافیت، معیار اور رفتار کو خصوصی اہمیت دی جانی چاہیے۔ نصیرآباد زون رقبے اور آبادی کے اعتبار سے ایک اہم خطہ ہے، جہاں سڑکوں اور دیگر انفراسٹرکچر کے منصوبوں کی تکمیل سے دور دراز علاقوں کے عوام کو آمدورفت کی بہتر سہولیات میسر آنے کے ساتھ ساتھ زرعی، تجارتی، تعلیمی اور سماجی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کے لیے اعلیٰ افسران کے دوروں کا مقصد بھی یہی ہے کہ منصوبوں میں پیش آنے والی رکاوٹوں کو بروقت دور کیا جائے، کام کی رفتار کو بہتر بنایا جائے اور تعمیراتی معیار کو یقینی بنایا جائے۔ اس سلسلے میں چیف انجینئر محکمہ مواصلات وتعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر نے حکام بالا کی ہدایت پر نصیرآباد زون کے علاقے ضلع کچھی سے اپنے دورے کا آغاز کیا، جہاں انہوں نے تحصیل ڈھاڈر، تحصیل مچھ اور تحصیل سنی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران چیف انجینئر بشیر ناصر نے ترقیاتی منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور دیگر متعلقہ امور کا موقع پر جائزہ لیا جبکہ متعلقہ انجینئرز اور افسران سے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی حاصل کی دورے کے دوران انہوں نے دوسرے روز ضلع نصیرآباد جو کہ ڈویژنل ہیڈکوارٹر کا مقام رکھتا ہے کا دورہ کیا، دورے کے موقع پر چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیرآباد زون بشیر احمد نے ضلع نصیرآباد میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو منصوبوں پر تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور مقررہ معیار کے مطابق کام کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر انہوں نے نوتال پولیس اسٹیشن کی چار دیواری اور واچ ٹاورز، اسٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ پیکج برائے ڈیرہ مراد جمالی، بلیک ٹاپ روڈز کوٹ سردار خان رند تا فتح آباد، فتح آباد تو بابا کوٹ، پٹ فیڈر تا قبولہ شاخ اور نیو ہسپتال میر حسن روڈ سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر معائنہ کیا۔ چیف انجینئر بشیر احمد نے جاری منصوبوں کے تعمیراتی کام، پیش رفت، استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار اور دیگر متعلقہ امور کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ انجینئرز سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر بی اینڈ آر فدا حسین کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر روڈز بوستان خان جانڈیو، خلیل احمد عمرانی سمیت سب ڈویژنل آفیسران نادر علی پہنور، ذوالفقار علی لہڑی، اصغر علی چنہ، عابد علی پہنور، ندیم احمد سولنگی، سجاد علی عمرانی، سمیع اللہ کاکڑ اور دیگر افسران موجود تھے۔ متعلقہ انجینئرز نے چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات کو جاری ترقیاتی منصوبوں، تعمیراتی پیش رفت، منصوبوں کے معیار، درپیش مسائل اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات بشیر ناصر نے ضلع صحبت پور میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا جہاں انہوں نے زیر تعمیر اسپورٹس ڈسٹرکٹ کمپلیکس، اسپورٹس کمپلیکس، ہیئر الدین کالج سمیت کشمور۔صحبت پور روڈ اور دیگر روڈ نیٹ ورک کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر مواصلات وتعمیرات روڈز عبدالستار بنگلزئی اور ایگزیکٹو انجینئر ارشاد علی سیلاچی نے چیف انجینئر کو مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت اور تعمیراتی کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر گورنمنٹ کنٹریکٹرز ریاض کھوسہ سمیت دیگر موجود تھے جنہیں چیف انجینئر بشیر ناصر نے حکومتی منصوبوں کو پی سی ون کے معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ نصیرآباد زون کے دورے کے موقع پر چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات بشیر ناصر نے ضلع جعفرآباد کی اسکیموں کا دورہ کیا دورے کے دوران روڈ اور بلڈنگز کے شعبے کا جائزہ لیا چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر نے ضلع جعفرآباد میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے روجھان تو خانپور روڈ، جی او آر کالونی۔ ڈیرہ اللہ یار مین سیوریج لائن، پری فیب اور کیٹل فارم پولیس اسٹیشن کی چار دیواری سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی امور، کام کے معیار اور پیش رفت کے حوالے سے متعلقہ افسران سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر ارسلا رند، ایگزیکٹو انجینئر عتیق الرحمٰن سب ڈویژنل آفیسر اعجاز بہرانی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر نے دورے کے موقع پر آخر میں ضلع استامحمہ کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا انہوں نے ضلع استامحمہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر پہنچ کر تفصیلی معائنہ کیا اور مختلف اسکیموں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران سے تعمیراتی امور کے بارے میں بریفنگ حاصل کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کی ہدایات کی روشنی میں جاری ترقیاتی عمل کا جائزہ لیتے ہوئے چیف انجینئر نے ڈی سی کمپلیکس، ڈی پی او آفس ورہائش گاہ، پری فیب، ایگرو پروجیکٹ سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی جانب سے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار، رفتار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل ستائش ہیں، جن کے نتیجے میں نہ صرف مختلف علاقوں میں پختہ اور معیاری تعمیراتی عمل جاری ہے بلکہ منصوبوں کی کڑی مانیٹرنگ بھی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل نگرانی اس بات کی واضح دلیل ہے کہ حکومت پی سی ون میں مقرر کردہ معیار اور منصوبوں کے منظور شدہ ڈیزائن وتخمینوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز قبول نہیں کر رہی۔ دورے کے دوران متعلقہ ٹھیکیداروں اور افسران کو سختی کے ساتھ ہدایات جاری کی گئیں کہ تمام سرکاری امور مقررہ قواعد وضوابط اور سرکاری احکامات کے مطابق سرانجام دیے جائیں جبکہ تعمیراتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار، کام کی رفتار اور منظور شدہ نقشے و تخمینے کو ہر صورت مدنظر رکھا جائے۔ واضح کیا گیا کہ غیر معیاری تعمیراتی عمل، ناقص میٹریل کے استعمال یا کام میں غیر ضروری تاخیر کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا اور ذمہ داران کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف انجینئر مواصلات وتعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر کی جانب سے نصیرآباد زون کے مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں کے دورے اور موقع پر متعلقہ افسران سے تفصیلی بریفنگ لینے کا عمل اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کو محض دفتری کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی طور پر موقع پر جاکر کام کا جائزہ لینے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس اقدام کا مقصد منصوبوں کی اصل صورتحال سے براہ راست آگاہی حاصل کرنا، تعمیراتی کام میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرنا اور انہیں بروقت دور کرنے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانا ہے۔ متعلقہ انجینئرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ ترقیاتی منصوبوں پر روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے اعلیٰ حکام کو بروقت آگاہ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ عوامی مفاد میں شروع کیے گئے منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل ہوں۔ ترقیاتی منصوبوں کی موقع پر نگرانی سے نہ صرف تعمیراتی معیار بہتر بنانے میں مدد ملے گی بلکہ سرکاری وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کو بھی یقینی بنایا جاسکے گا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سڑکوں، پولیس اسٹیشنز، ہسپتالوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل سے شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختص کیے گئے وسائل کے ثمرات عام لوگوں تک پہنچ سکیں گے، جبکہ مکمل ہونے والے منصوبے علاقے کی ترقی اور عوامی سہولیات میں مزید بہتری کا ذریعہ بنیں گے۔

بقیہ 1

خصوصی بچوں نے کھیلوں کے میدان میں اپنی صلاحیتیں منوا کر ثابت کر دیا ہے کہ انہیں اگر مناسب مواقع، سہولیات اور حوصلہ افزائی فراہم کی جائے تو وہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر ملک وصوبے کا نام روشن کرسکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیف ریچ اسکول کوئٹہ کے دورے کے موقع پر آل پاکستان اسپیشل چلڈرن اسپورٹس مقابلوں میں بلوچستان کی نمائندگی کرنے والی خصوصی بچوں کی مختلف کھیلوں کی ٹیموں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان کے باہمت اور باصلاحیت خصوصی بچوں نے مختلف کھیلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نمایاں پوزیشنز حاصل کیں اور میڈلز، شیلڈز اور ٹرافیاں جیت کر بلوچستان کا نام قومی سطح پر روشن کیا۔ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ خان کھیتران نے کامیاب کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کی اور ان میں میڈلز، شیلڈز اور ٹرافیاں تقسیم کیں میر سیف اللہ خان کھیتران نے خصوصی بچوں کی صلاحیتوں، محنت، عزم اور جذبے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے ان چیمپئنز نے اپنی کامیابی سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ عزم اور حوصلہ ہو تو کوئی رکاوٹ کامیابی کی راہ میں حائل نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ یہ بچے ہمارے لیے باعثِ فخر ہیں اور ان کی کامیابیاں پورے بلوچستان کے لیے اعزاز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی بچوں کو محض ہمدردی نہیں بلکہ برابری کے مواقع، اعتماد، تعلیم، تربیت، کھیلوں کی سہولیات اور عملی میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، ان کے حقوق کے تحفظ اور انہیں معاشرے کا فعال اور بااختیار حصہ بنانے کے لیے مختلف اقدامات کر رہا ہے۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر نے کہا کہ کھیل خصوصی بچوں کی جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ ان میں خود اعتمادی، نظم وضبط، ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان خصوصی بچوں اور افراد کی کھیلوں سمیت مختلف شعبوں میں صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مزید مواقع فراہم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج ان بچوں کی کامیابی صرف چند میڈلز یا ٹرافیوں تک محدود نہیں بلکہ یہ پورے معاشرے کے لیے ایک مثبت پیغام ہے کہ صلاحیت کسی جسمانی رکاوٹ کی محتاج نہیں ہوتی۔ اگر خصوصی بچوں کو سازگار ماحول، رہنمائی اور ضروری سہولیات میسر ہوں تو وہ زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں مقام حاصل کرسکتے ہیں۔ میر سیف اللہ خان کھیتران نے خصوصی بچوں کے والدین، اساتذہ، کوچز اور منتظمین کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا

بقیہ 2

کردی پولیس کی فوری کارروائی شریک ملزم گرفتار ہوٹل مالک فرار پولیس گرفتاری کیلئے چھاپے جاری پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی جنگ چوک پر قائم ہوٹل کے مالک داود خان پٹھان اور انکے ساتھی اصغر علی ابڑو نے ایک لڑکے (م) کے ساتھ زبردستی جنسی بدفعالی کر ڈالی لڑکے کو سخت تشویش ناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی کا ہوٹل پر چھاپہ مالک ہوٹل داود پٹھان فرار جبکہ انکے ساتھی اصغر ابڑو کو گرفتار کرلیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کرکے داود پٹھان کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہے

بقیہ 3

روزہ محضر نامہ و دستخطی مہم محض دستخط جمع کرنے کی سرگرمی نہیں بلکہ عوام کو ان کے حقوق سے آگاہ کرنے، ان کی آواز کو منظم کرنے اور مطالبات کے حق میں وسیع عوامی حمایت پیدا کرنے کی مؤثر جدوجہد ہے۔ وہ مرکزی ٹیم کی ناظمات صوبہ وحلقہ اور ذمہ داران میڈیا و نشرواشاعت کے ساتھ مہم کے حوالے سے منعقدہ خصوصی بریفنگ نشست سے خطاب کر رہی تھیں۔ نشست میں دس روزہ مہم کے اہداف، میڈیا کوریج، عوامی رابطے، نشرواشاعت اور سوشل میڈیا حکمتِ عملی کا جائزہ لیا گیا اور ذمہ داران کو آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا گیا۔ ثمینہ سعید نے کہا کہ محضر نامے کا پیغام گھر گھر، فرد فرد اور ہر طبقے تک پہنچنا چاہیے۔ صوبہ اور حلقہ کی سطح پر میڈیا نمائندگان، صحافیوں، خواتین صحافیوں، اساتذہ، وکلا، ڈاکٹرز، تاجروں، طلبہ، سماجی شخصیات اور دیگر رائے ساز طبقات سے رابطہ کیا جائے اور انہیں محضر نامے کے مطالبات سے آگاہ کرتے ہوئے دستخطی مہم میں شریک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دس روز کے دوران مہم کے آغاز، پیش رفت اور اختتام پر مؤثر خبری و پریس سرگرمیاں کی جائیں، مقامی اخبارات، نیوز پورٹلز اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز تک مسلسل مواد پہنچایا جائے، جبکہ بڑے شہروں میں پریس کلبوں اور خواتین صحافیوں سے خصوصی رابطہ کیا جائے۔ ہر صوبہ وحلقہ اپنی سطح پر میڈیا پرسنز سے براہِ راست رابطے کو یقینی بنائے اور محضر نامے کو کالمز، بلاگز، انٹرویوز، پوڈکاسٹس اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز تک لے کر جائے

بقیہ 4

ترقی، عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور نوجوانوں کیلئے مواقع پیدا کرنے سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر فرحت حسین نے ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے اغراض و مقاصد اور بلوچستان میں سماجی و فلاحی سرگرمیوں کے حوالے سے وفد کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کی پائیدار ترقی کیلئے سرکاری اداروں، سماجی تنظیموں اور نجی شعبے کے درمیان تعاون کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سید ندیم عالم شاہ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے بلوچستان میں سماجی ترقی اور عوامی فلاح کیلئے ہونے والی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات کے اختتام پر وفد نے سید ندیم عالم شاہ کا شکریہ ادا کیا، جبکہ مستقبل میں سماجی ترقی اور عوامی فلاح کے شعبوں میں رابطوں کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 5

واجبات کی وصولی، موجودہ صورتحال، مقررہ اہداف اور اس حوالے سے جاری اقدامات کے بارے میں ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل کو مزید مؤثر بنانے، بقایاجات کی وصولی میں درپیش رکاوٹوں کو دور کرنے اور متعلقہ ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھنے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل میں تیزی لائی جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے، جبکہ تمام امور شفاف اور قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں تاکہ سرکاری محاصل میں اضافہ اور واجبات کی بروقت وصولی ممکن ہوسکے۔

بقیہ 6

کے 36 مختلف سرکاری محکموں سے تعلق رکھنے والے اہلکاروں نے شرکت کی اور جدید دفتری امور، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور کمپیوٹرائزڈ نظام سے متعلق تربیت حاصل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ موجودہ دور میں انفارمیشن ٹیکنالوجی محض ایک سہولت نہیں بلکہ موثر، شفاف اور تیز رفتار انتظامی نظام کی بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔ سرکاری اداروں میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے دفتری امور کو بہتر انداز میں منظم کرنے، ریکارڈ کو محفوظ بنانے، معلومات تک بروقت رسائی، وقت اور وسائل کی بچت اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں نمایاں مدد ملتی ہے انہوں نے کہا کہ سرکاری محکموں کے اہلکاروں کو جدید آئی ٹی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ ڈیجیٹل گورننس کے ذریعے روایتی دفتری طریقہ؟ کار کو مزید موثر، شفاف اور جوابدہ بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے تربیتی کورس کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام سرکاری ملازمین کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کے ساتھ ساتھ اداروں کی مجموعی کارکردگی بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کمشنر نے اس امر پر بھی زور دیا کہ سرکاری محکموں میں پیپر لیس آفس، ڈیجیٹل ریکارڈ، آن لائن کمیونیکیشن اور جدید ڈیٹا منیجمنٹ کو فروغ دیا جائے تاکہ عوامی خدمات کی فراہمی میں تیزی لائی جاسکے اور دفتری معاملات میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے تقریب سے رجسٹرار بائٹمز لورالائی انجینئر عزیز خلجی نے بھی خطاب کیا

بقیہ 7

میں شہریوں کو بہتر، آسان اور جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ گرین بس سروس کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے ڈیجیٹل نظام سے ہم آہنگ کرنے کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹرانسپورٹ، ایم ڈی پی ایم ٹی اے، ڈائریکٹر جنرل پی ٹی سی بی، سی ای او پی پی پی، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ، سی سی او ٹی ایس پی ایل اور چیف آپریٹنگ آفیسر کے علاوہ دیگر افسران موجود تھے۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے گرین بس سروس کے نظام کو مرحلہ وار جدید اور ڈیجیٹلائزڈ کیا جائے، تاکہ شہریوں کو بس سروس سے متعلق تمام ضروری معلومات اپنے موبائل فون کے ذریعے باآسانی دستیاب ہوسکیں۔ تجویز کردہ ڈیجیٹل نظام کے تحت شہری موبائل ایپ یا ویب پورٹل کے ذریعے گرین بس کے روٹس، بس اسٹاپس، اوقات کار، کرایوں اور متعلقہ سفری معلومات حاصل کرسکیں گے، جبکہ لائیو بس ٹریکنگ کی سہولت بھی فراہم کرنے کی تجویز دی گئی تاکہ مسافروں کو معلوم ہوسکے کہ ان کی مطلوبہ بس اس وقت کہاں موجود ہے اور اگلی بس متوقع طور پر کتنے وقت میں متعلقہ اسٹاپ پر پہنچے گی۔ اجلاس میں گرین بس سروس میں ڈیجیٹل ٹکٹنگ، الیکٹرانک ادائیگی، بس اسٹاپس پر ڈیجیٹل ڈسپلے، مسافروں کے لیے معلوماتی نظام، شکایات وتجاویز کے آن لائن اندراج اور ان کے بروقت ازالے سمیت دیگر جدید عوامی سہولیات متعارف کرانے کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 8

اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ کراچی کا اہم دورہ کیا، جہاں انہوں نے 'وزیر اعلیٰ بلوچستان یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام' کے تحت زیرِ تربیت صوبے کے نوجوانوں کے لیے کیے گئے تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس انقلابی پروگرام کے تحت بلوچستان کے ایک ہزار (1000) ہونہار نوجوانوں کو کراچی کے معروف ادارے کیوٹیک (QTech) کے ذریعے جدید آئی ٹی اور تکنیکی شعبوں میں عالمی معیار کی تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ تربیت کی مکمل فراہمی کے بعد ان تمام نوجوانوں کو نامور سافٹ ویئر ہاؤسز میں باقاعدہ روزگار (جابز) فراہم کیا جائے گا تاکہ وہ صوبے کی معاشی ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کرسکیں۔ کراچی دورے کے دوران ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون اور دیگر افسران نے تربیتی مراکز، رہائشی سہولیات اور کلاس رومز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی پیغام کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی تمام تر ترجیح صوبے کے نوجوانوں کو بہترین اور معیارِ زندگی کے مطابق تمام ممکنہ سہولیات فراہم کرنا ہے۔ عبدالکبیر خان زرکون نے دورے کے دوران زیرِ تربیت نوجوانوں سے براہِ راست ملاقات کی، ان سے مسائل دریافت کیے اور جائے وقوعہ پر ہی ان کے فوری حل کا حکم جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنا اور انہیں خودکفیل بنانا موجودہ صوبائی حکومت کا اولین منشور ہے۔

بقیہ 9

پر بی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیمز نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ اچانک انسپکشن کرتے ہوئے متعدد ڈیری فارمز اور ملک شاپس کی جانچ پڑتال کی۔ کارروائی کے دوران دودھ اور دہی میں ملاوٹ سمیت متعدد فوڈ سیفٹی خلاف ورزیاں سامنے آنے پر 4 یونٹس کو جرمانے، ایک ملک شاپ سیل جبکہ آکسی ٹوسن انجیکشن کے 12 پیکٹ ضبط کرلیے گئے۔ کارروائی اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سریاب کبیر احمد مزاری اور اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے کی گئی۔ بی ایف اے کی فوڈ سیفٹی ٹیموں اور موبائل لیبارٹری ٹیم نے مجموعی طور پر 8 ڈیری یونٹس اور متعدد ملک شاپس و ملک سپلائرز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران دو ڈیری فارمز میں غیر صحت بخش صفائی کے حالات، دودھ کی ہینڈلنگ و اسٹوریج کے مقررہ معیار پر عملدرآمد نہ کرنے، ضروری دستاویزات کی عدم دستیابی اور ورکرز کے میڈیکل ریکارڈز موجود نہ ہونے پر جرمانے عائد کیے گئے۔ کارروائی کے دوران مویشیوں کو آکسی ٹوسن انجیکشن لگانے کا بھی انکشاف ہوا جس پر آکسی ٹوسن انجیکشن کے 12 پیکٹ موقع پر ضبط کرلیے گئے۔ اسی طرح دو ملک شاپس کے دہی میں خشک پاوڈر کی ملاوٹ پائی گئی جبکہ متعلقہ دودھ فروشوں کے پاس بی ایف اے لائسنس بھی موجود نہیں تھا جس پر دونوں کو جرمانہ کیا گیا۔ علاوہ ازیں ایک ملک شاپ میں دودھ میں 21 فیصد پانی جبکہ دہی میں اسکمڈ ملک کی ملاوٹ پائی گئی۔ فوڈ سیفٹی خلاف ورزیوں اور بی ایف اے لائسنس کے بغیر کاروبار کرنے پر مذکورہ ملک شاپ کو سیل کر دیا گیا

بقیہ 10

اجلاس میں محکمہ صحت کے افسران نے شرکت کی اور ڈپٹی کمشنر کو ضلع جعفرآباد میں بچوں کو مختلف وبائی و متعدی امراض سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری ویکسینیشن پروگرام، حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج اور بچوں کو ویکسین کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ بچوں کو مختلف خطرناک اور متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی ٹیکہ جات کی بروقت فراہمی اور ویکسینیشن کا مقررہ اہداف کے مطابق مکمل ہونا انتہائی ضروری ہے، محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ عملہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری اور محنت سے انجام دیں اور دور دراز علاقوں سمیت ضلع بھر میں کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ای پی آئی پروگرام کے تحت ویکسینیشن کے عمل کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور جہاں کہیں کوئی غفلت سامنے آئے اسے فوری طور پر دور کیا جائے تاکہ بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگا کر انہیں مختلف بیماریوں سے محفوظ بنایا جاسکے۔

بقیہ 11

ریلیف فراہم کرنا مشکل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر طلباء کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، جس کی قیادت عدنان بلوچ کر رہے تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، پاکستان کی آبادی میں نوجوانوں کی بڑی تعداد موجود ہے، اس لیے ملک کے مستقبل کو بہتر بنانے کیلئے نوجوانوں کو تعلیم، تحقیق، مثبت سوچ اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ملک میں ایسا نظام چاہتی ہے۔ جس میں عام شہری کو بنیادی حقوق، معیاری تعلیم، روزگار، صحت اور انصاف کی سہولیات میسر ہوں اور فیصلے عوامی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو بار بار درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے روایتی طرزِ سیاست اور فرسودہ انتظامی ڈھانچے سے آگے بڑھنا ہوگا۔ نوجوان نسل کو ملک کی تعمیر وترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

بقیہ 12

عمل کو مؤثر بنانے اور تعلیمی معیار میں بہتری لانے کے لیے طلبہ میں مختلف نوعیت کا تعلیمی سامان تقسیم کیا گیا۔ پروگرام کے تحت ضلع کوئٹہ کے لیے اسکول بیگز، ایم ایچ ایم کٹس، کلر پنسل سیٹس، اسٹوری بکس، ڈی آر آر کٹس اور فلیش کارڈ سیٹس تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر سیکرٹری اسکولز نے کہا کہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق معیاری تعلیم کے فروغ، طلبہ کو ضروری تعلیمی وسائل کی فراہمی اور اسکولوں میں سازگار تعلیمی ماحول کے قیام کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات اور ضروری سامان کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ سیکرٹری اسکولز نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعلیمی سامان کی شفاف، منصفانہ اور بروقت تقسیم کو یقینی بنایا جائے اور طلبہ کو درپیش تعلیمی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ اس موقع پر سیکرٹری اسکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفر کی زیرِ نگرانی بلوچستان کے سرکاری اسکولوں میں بچوں کی صحت کے تحفظ، بروقت طبی مسائل کی نشاندہی اور صحت مند تعلیمی ماحول کے فروغ کے لیے Balochistan Health Screening Initiative کے تحت ہیلتھ اسکریننگ کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 13

بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ ویکسینیشن مہم کے دوران درپیش مسائل، کمی کوتاہیوں اور فیلڈ میں پیش آنے والی رکاوٹوں پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ویکسینیشن کوریج کو مزید بہتر بنانے، رہ جانے والے بچوں تک رسائی یقینی بنانے اور حفاظتی ٹیکہ جات کی بروقت فراہمی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے متعلقہ افسران اور ویکسینیٹرز کو ہدایت کی کہ بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا سستی نہ برتی جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے فیلڈ سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات بچوں کو مختلف موذی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا اہم ذریعہ ہیں، اس لیے محکمہ صحت کے افسران اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دیں تاکہ ضلع میں ویکسینیشن کوریج کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 14

پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، غیر حاضر اور فرائض میں غفلت کے مرتکب اساتذہ کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی جاری ہے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی تمام تر پیشہ ورانہ صلاحیتیں تدریس کے عمل میں بروئے کار لاتے ہوئے طلبہ کی تعلیمی استعداد بہتر بنانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل اورماڑہ کے مختلف تعلیمی اداروں کے دورے کے موقع پر کیا، جہاں انہوں نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول بسول، گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول ہڈ اور گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول پنجگ کا معائنہ کیا اور اساتذہ وطلبہ کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں، انتظامی امور اور مجموعی تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن نے کلاس رومز میں جاری تدریسی سرگرمیوں کا مشاہدہ کرتے ہوئے اسکول انتظامیہ اور اساتذہ کو طلبہ کی باقاعدہ حاضری، معیاری تدریس اور بہتر تعلیمی نتائج کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت کی انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اورماڑہ میں جاری چھ روزہ لٹریسی و نیومریسی ورکشاپ کا بھی دورہ کیا اور مختلف تربیتی سیشنز کا جائزہ لیا

بقیہ 15

پسنجر ٹرین کو بھی فوری طور پر بحال کرے۔ چمن پسنجر ٹرین چمن اور گردونواح کے لاکھوں عوام کے لیے محض سفری ذریعہ نہیں بلکہ ایک بنیادی عوامی سہولت تھی، جس سے غریب و متوسط طبقے، مزدوروں، طلباء، خواتین، بزرگوں، مریضوں اور عام شہریوں کو کم خرچ سفر کی سہولت میسر تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت بلوچستان عوام کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی اور ترقی کے دعوے کر رہی ہے، جبکہ دوسری جانب چمن جیسے اہم سرحدی شہر اور اس سے منسلک آبادی کو ریلوے کی سستی سفری سہولت سے محروم رکھا گیا ہے۔ بلوچستان کی ترقی کا معیار صرف نئے منصوبوں کا افتتاح نہیں بلکہ یہ بھی ہے کہ صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات اور آمدورفت کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ اسلم اچکزئی نے کہا کہ سریاب تا چھلاک جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز اپنی جگہ ایک حکومتی اقدام ہے، تاہم چمن پسنجر ٹرین کی مسلسل بندش کے باعث چمن کے عوام میں تشویش پائی جاتی ہے۔ اگر حکومت کا مقصد عوام کو کم خرچ، محفوظ اور باعزت سفری سہولت فراہم کرنا ہے تو چمن کے عوام کو اس سہولت سے محروم رکھنے کی کوئی وجہ نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ تا چمن ریلوے روٹ بلوچستان کے ایک اہم سرحدی، تجارتی اور آبادی والے علاقے کو صوبائی دارالحکومت سے ملاتا ہے۔

بقیہ 16

ترین ولد عین الدین نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ میں بلوچستان میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے پر ولی اللہ ترین کو مبارکباد دیتے ہوئے شاباش دی اور ان کی کامیابی کو قابل فخر قرار دیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان اپنی صلاحیت، محنت اور عزم کے ذریعے مختلف شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں۔ ایسے باصلاحیت طلبہ نہ صرف اپنے والدین بلکہ پورے صوبے کے لیے باعثِ فخر ہیں میر سرفراز بگٹی نے ولی اللہ ترین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی محنت اور لگن کو برقرار رکھتے ہوئے مستقبل میں بھی کامیابیوں کا سلسلہ جاری رکھیں۔ ملاقات کے موقع پر رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر آغا بھی موجود تھے۔

بقیہ 17

امید کا اظہار کیا کہ ادارہ مستقبل میں بھی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے اور صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) قائم لاشاری کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب میں قائم مقام سی ای او عبدالمنان، بورڈ کے افسران واہلکاروں اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی۔ بلال خان کاکڑ نے قائم لاشاری کی بورڈ کے لیے خدمات کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے سرمایہ کاری کے فروغ اور ادارے کے امور کو آگے بڑھانے کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری صوبے کی معیشت کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مختلف شعبوں میں ترقی کی رفتار تیز کرنے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے سرمایہ کاروں کے ساتھ مؤثر رابطہ اور ان کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائم لاشاری کی پیشہ ورانہ خدمات اور تجربہ ادارے کے لیے قابل قدر رہے ہیں جبکہ ان کی محنت اور کاوشوں کو یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر قائم لاشاری نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے افسران اور عملے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اپنے دورِ ذمہ داری کے دوران انہیں ادارے کے افسران اور ملازمین کا بھرپور تعاون حاصل رہا۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کی ترقی اور اہداف کے حصول کے لیے ٹیم ورک بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ 18

زیر نگرانی ڈی ایس پی عبدالقادر قمبرانی کی سربراہی میں ایس ایچ او سول لائن پولیس جواد حیدر نے کارروائی کرتے ہوئے سول ہسپتال کوئٹہ سے موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزم کو 24 گھنٹے کے اندر اندر گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزم سے تفتیش شروع کردی

بقیہ 19

حسین ببر جمالی، غلام ربانی، سانولا راہوجہ، پہنل راہوجہ، محمد مرید، نسیم راہوجہ، میر مصطفیٰ ابڑو، ڈاکٹر عبیداللہ ابڑو، عزیز اللہ جمالی، فضل الدین جمالی اور جہانگیر جمالی سمیت دیگر معززین اور عمائدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر رئیس میر ہزار خان راہوجہ کی باقاعدہ دستار بندی کی گئی۔ شرکاء نے انہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی آئندہ زندگی میں کامیابی، عزت اور سربلندی کے لیے دعا کی۔ تقریب کے دوران باہمی محبت، اخوت، بھائی چارے اور روایتی اقدار کے فروغ پر بھی زور دیا گیا۔ شرکاء نے کہا کہ ایسی تقریبات معاشرے میں باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور روایات کو زندہ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ آخر میں رئیس میر ہزار خان راہوجہ کے لیے نیک تمناؤں اور کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 20

الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہجرت کامران کا طویل عرصہ سے لاپتہ ہونا انتہائی تشویشناک اور بدترین ظلم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی شہری کو طویل عرصے تک اس کے اہلخانہ اور عزیزو اقارب سے دور رکھنا انسانی اور بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، ہجرت کامران کے اہلخانہ کو شدید ذہنی اذیت اور کرب کا سامنا ہے، متعلقہ ادارے اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ہجرت کامران کو بازیاب کرکے ان کے اہلخانہ کو صورتحال سے آگاہ کریں۔ سید صادق آغا نے کہا کہ تحریک انصاف بلوچستان کے رہنماؤں شاہنواز کھرل، گل خان اچکزئی، فیصل، شاہ محمد اور دیگر کی مسلسل 3 ایم پی او کے تحت بندش بھی قابل مذمت ہے۔

بقیہ 21

، کنسلٹنٹس اور دیگر سروس فراہم کرنے والوں کو ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر نوٹسز اور شوکاز نوٹسز جاری کیے گئے ہیں۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام ٹیکس دہندگان پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے قانونی ٹیکس واجبات بروقت ادا کریں اور بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز سے متعلق قوانین اور قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کو یقینی بنائیں۔ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا اس کی ترجیحات میں شامل ہے، تاہم قانون کی خلاف ورزی اور ٹیکس واجبات کی عدم ادائیگی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 22

پٹرول پمپ مالکان کو عوام کو وزیر اعظم پٹرول ریلیف کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کا پابند کیا گیا۔ پٹرول پمپ انتظامیہ کا آئل مارکیٹنگ کمپنی (او ایم سی) سے رابطہ کروا کر آر آئی ڈی فعال کروانے کا مسئلہ حل کیا گیا، جبکہ ریلیف کی رقم حکومت کی جانب سے پٹرول پمپ مالک کے اکاؤنٹ میں واپس منتقل ہونے کے طریقہ کار سے متعلق مسئلہ بھی حل کر دیا گیا اسی سلسلے میں یوسف پمپ کی جانب سے او ایم سی سے مطلوبہ رابطہ نہ رکھنے اور عوام کو ریلیف کی فراہمی میں سستی کا مظاہرہ کرنے پر پٹرول پمپ کو سیل کر دیا گیا جبکہ کاشف پمپ (گو) کی انتظامیہ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ کل تک او ایم سی سے پاس ورڈ حاصل کرکے عوام کو وزیر اعظم پٹرول ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ مقررہ وقت میں عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں پمپ انتظامیہ کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کے لیے فراہم کردہ وزیر اعظم پٹرول ریلیف کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت، تاخیر یا رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 23

فراہم کرتی ہیں۔ تقریب کا باقاعدہ افتتاح سیکرٹری کلچر نے کیا، جبکہ اختتامی نشست کی مہمانِ خاص صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی تھیں۔ تقریب میں صوبے کی پانچ اہم زبانوں ۔۔۔ اردو، پشتو، بلوچی، براہوی اور ہزارگی ۔۔۔ میں بہترین نثر نگاری، شاعری، ناول نگاری اور تحقیق وتصنیف پر تقریباً 70 ممتاز قلمکاروں اور اہلِ علم کو ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں صوبائی ادبی ایوارڈز سے نوازا گیا۔ اپنے تفصیلی خطاب میں صوبائی وزیر تعلیم نے تمام ایوارڈ یافتگان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی علمی وادبی خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونا وقت کی ضرورت ہے، تاہم ڈیجیٹل فن اور جدید ٹیکنالوجی کی آمد کے باوجود کتاب کی اہمیت وافادیت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں اپنی نئی نسل کو ڈیجیٹل دنیا کے ساتھ ساتھ کتب بینی اور مطالعے کی طرف راغب کرنا ہوگا تاکہ ان کی فکری واخلاقی تربیت پائیدار بنیادوں پر ہو سکے۔ راحیلہ حمید خان درانی نے خطے کی مختلف زبانوں میں تخلیق کیے جانے والے ادب کو باہمی یگانگت، امن اور ثقافتی تنوع کا عکس قرار دیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت ادیبوں، شاعروں اور مصنفین کی سرپرستی جاری رکھے گی تاکہ علم وادب کا یہ سفر مزید توانائی کے ساتھ آگے بڑھ سکے۔

بقیہ 24

مشینری آلات اور تکنیکی عملے کی فراہمی سے نہ صرف محکمہ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی بلکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور تکمیل کا عمل بھی مزید تیز اور مؤثر ہو جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ڈیزائن ونگ کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے موقع پر کیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان چیف انجینئر ڈیزائن ونگ جمال احمد بگٹی چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے ڈیزائن ونگ کی موجودہ کارکردگی تکنیکی عملے کی دستیابی جدید مشینری کے حصول اور دیگر انتظامی امور سے متعلق تفصیلات پیش کیں انہوں نے بتایا کہ ڈیزائن ونگ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے مزید جدید آلات اور تربیت یافتہ تکنیکی عملے کی ضرورت ہے اس سلسلے میں ایڈہاک بنیادوں پر تکنیکی عملے کی بھرتی کا عمل شروع کیا جا چکا ہے جس کے مکمل ہونے کے بعد ڈیزائن ونگ کی استعداد کار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور منصوبہ بندی و ڈیزائننگ کے عمل میں مزید بہتری آئے گی صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ حکومت محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ڈیزائن ونگ کی استعداد بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی اور درکار مشینری جدید آلات اور افرادی قوت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ تکنیکی عملے میں اضافے اور جدید سہولیات کی دستیابی سے ڈیزائن ونگ زیادہ تیز معیاری اور موثر انداز میں خدمات انجام دے سکے گا انہوں نے مزید کہا کہ ڈیزائن ونگ کی مضبوطی سے محکمہ کا نجی کنسلٹنسی اداروں پر انحصار کم ہوگا جس کے نتیجے میں سرکاری وسائل کی بچت اور ریونیو میں اضافہ ممکن ہوگا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کو جدید تقاضوں کے مطابق فعال اور خود کفیل ادارہ بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 25

لیے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ان پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ نسیم الرحمان خان ملا خیل نے وفود کو بتایا کہ صوبائی حکومت ترقی اور عوامی فلاح کے ساتھ ساتھ ماحول کے تحفظ کو بھی اپنی پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے ساتھ ساتھ ماحول دوست منصوبوں پر تیزی سے عمل جاری ہے۔ شجرکاری مہمات، آلودگی کے خاتمے اور قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال جیسے اقدامات موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ حکومت کا مقصد صرف ترقیاتی منصوبے مکمل کرنا نہیں بلکہ عوام کے لیے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ترقی کا عمل ادھورا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ہر شہری ماحولیاتی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرے

بقیہ 26

جن میں سے 1,66 منصوبے مکمل ہوچکے ہیں، جبکہ باقی ماندہ منصوبوں پر کام جاری ہے۔ جبکہ (BSDI) پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت صوبے میں 4,052 منصوبے شامل ہیں، جن کی پیش رفت کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ حکام اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ زیرِ تکمیل ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ خواتین کے مسائل کے فوری حل اور انہیں باعزت انداز میں اپنی شکایات پیش کرنے کا موقع فراہم کرنے کے لیے خواتین کے لیے الگ کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ضلعی سطح پر مؤثر اور فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سکولوں میں موجود مسنگ فیسلیٹیز کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ و طالبات کو بنیادی تعلیمی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیح ہے، اس لیے سکولوں میں پانی، واش رومز، بجلی، چار دیواری اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ کانفرنس میں لوکل گورنمنٹس کی کارکردگی اور صفائی کے نظام کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے کی 38 لوکل کونسلز میں صفائی مہم شروع کی جاچکی ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ صفائی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے، شہری علاقوں میں صفائی کے تسلسل کو برقرار رکھا جائے اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور لوکل کونسلز باہمی تعاون سے کام کریں۔ اجلاس میں معذور افراد کی فلاح و بہبود کے لیے شروع کیے گئے۔ کوماک (KUMAK) پروگرام کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ معذور افراد کو سرکاری سہولیات، خدمات اور معاشرتی تحفظ تک مؤثر رسائی فراہم کی جائے اور پروگرام کے ثمرات مستحق افراد تک پہنچانے کے لیے شفاف طریقہ کار اپنایا جائے

بقیہ 27

چمن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے مشترکہ طور پر کی۔ کھلی کچہری میں ضلع چمن کے قبائلی عمائدین، علمائے کرام، قومی مشران، معززین علاقہ اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے نادرا، بجلی، بے روزگاری، صفائی ستھرائی کے مؤثر نظام کے لیے گلیوں، نالیوں اور سڑکوں کی باقاعدگی سے صفائی، گندے اور کھڑے پانی کی بروقت نکاسی، کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے اور گلی محلوں میں صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت خصوصاً ہسپتالوں اور دیگر عوامی مقامات کے اطراف صفائی ستھرائی کے حوالے سے تاکہ گندگی، بدبو اور آلودگی کے خاتمے کے ساتھ ساتھ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنے اور دیگر مختلف عوامی، انتظامی، ترقیاتی اور بنیادی سہولیات سے متعلق اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز براہِ راست سپیکر بلوچستان اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر چمن کے سامنے پیش کیں۔ سپیکر بلوچستان اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر چمن نے شرکاء کے مسائل اور شکایات توجہ اور تحمل کے ساتھ براہِ راست سنیں اور موقع پر موجود متعلقہ محکموں کے افسران کو متعدد امور کے فوری حل اور ضروری اقدامات کے لیے ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ حکام ہر ممکن طور پر شہریوں کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ کھلی کچہری کے دوران BSD اسکیم سمیت ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی، شہری مسائل اور دیگر اہم انتظامی امور کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ محکموں کے افسران نے اپنے اپنے شعبوں سے متعلق جاری اقدامات اور پیش رفت سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہِ راست رابطے کے ذریعے مسائل کے حل کو مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کھلی کچہری میں عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور درخواستوں پر فوری اور ترجیحی بنیادوں پر کارروائی کی جائے اور جن امور کا تعلق ضلعی انتظامیہ یا متعلقہ محکموں سے ہے، انہیں مقررہ مدت میں نمٹانے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس، چمن اسکاؤٹس، مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری میں عوام کی بھرپور شرکت اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ عوامی رابطہ، شفاف طرزِ حکمرانی اور مسائل کے بروقت حل کے لیے مؤثر رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 1

میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ ٹرین/ جناح پیپلز ٹرین کو صوبائی حکومت کی جانب سے کوئٹہ کے عوام کے لیے ایک عظیم تحفہ قرار دیا ہے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ ماس ٹرانزٹ ٹرین کا افتتاح وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کو جدید، محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے لیے 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک کی اپ گریڈیشن کا منصوبہ صرف 120 روز میں مکمل کرلیا گیا ہے، جو صوبائی حکومت کی مثالی کارکردگی اور عوام دوستی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے روٹ میں کچلاک سے سریاب تک 7 اسٹیشنز شامل ہیں، جو کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کے لیے سفری سہولیات میں بہتری کا ذریعہ بنیں گے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ، ملازمین، کاروباری افراد اور عام شہریوں کے لیے یہ منصوبہ روزمرہ سفر کو مزید آسان بنانے، وقت اور سفری اخراجات میں کمی لانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان وزیراعلیٰ کے وژن کے تحت عوامی سہولیات کی بروقت تکمیل اور بہتر سفری نظام کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جس سے صوبے کے عوام کا اعتماد اپنے منتخب نمائندوں پر مزید بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 2

آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے یہاں کوئٹہ میں اہم ملاقات کی ہے، ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے مختلف امور اور بلوچستان میں ریلوے کے نظام کی بہتری پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے سے جیکب آباد لاڑکانہ براستہ اوستہ محمد ریلوے ٹرین کی بحالی کا خصوصی مطالبہ کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اوستہ محمد، گنداخہ، گڑھی خیرو، شہداد کوٹ سے لاڑکانہ تک کا ریلوے ٹریک آج بھی موجود ہے جو 1947 سے قبل سے چلتا آ رہا تھا۔ یہ ٹریک تقریباً 136 کلومیٹر طویل ہے اور 2005 میں بند کر دیا گیا تھا جس کے بعد اس علاقے کے لاکھوں عوام سفری سہولت سے محروم ہیں۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ جیکب آباد، اوستہ محمد، گڑھی خیرو اور لاڑکانہ کے عوام غریب ہیں اور ان کے لیے سستی سواری ریلوے ہی ہے۔ اس ٹرین کی بحالی سے نہ صرف بلوچستان اور سندھ کے عوام کو فائدہ ہوگا بلکہ کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس پر وفاقی وزیر ریلوے خواجہ محمد حنیف عباسی نے صوبائی وزیر کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے چیئرمین ریلویز کو فوری طور پر ٹریک کا جائزہ لینے اور ٹرین بحالی کے لیے اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کر دیں۔ صوبائی وزیر نے وفاقی وزیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 3

مزید بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں، صوبے میں غذائی صورتحال اور مستقبل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر غذائی قلت سے نمٹنے، بچوں اور خواتین کو معیاری غذائیت کی فراہمی اور غذائی تحفظ کے لیے مشترکہ اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے جس کے تدارک کے لیے حکومت، عالمی اداروں اور متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مربوط اور مشترکہ اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے اور اس ضمن میں عالمی اداروں کے تعاون کو اہمیت دیتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے، اس لیے اس مسئلے کے حل کے لیے طویل المدتی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے مشترکہ اقدامات صوبے میں غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔ انہوں نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے جاری منصوبوں کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت باہمی تعاون کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے تیار ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں عالمی اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید مؤثر بنائے گی تاکہ صوبے کے عوام بالخصوص بچوں اور خواتین کو بہتر غذائی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ ملاقات میں ورلڈ فوڈ پروگرام کی جانب سے بلوچستان میں جاری اقدامات اور مستقبل کے پروگرامز کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 4

اقتصادی راہداری (سی پیک) دونوں ممالک کی روایتی دوستی اور سدا بہار سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کی واضح علامت ہے۔ صدارتی سیکرٹریٹ کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق چین کے قومی دن کے موقع پر چین کے صدر شی جن پنگ کے نام اپنے تہنیتی خط میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ سی پیک کا اعلیٰ معیاری ترقی پر مبنی دوسرا مرحلہ پاکستان اور چین کیلئے مصنوعی ذہانت، قابل تجدید توانائی اور گرین مائننگ سمیت باہمی مفاد کے دیگر شعبوں میں نئے مواقع پیش کرتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ گزشتہ 77 برس کے دوران چین کی ترقی نہ صرف چینی عوام بلکہ دنیا بھر کے لوگوں کے لیے بھی نمایاں اقتصادی اور سماجی ثمرات کی حامل رہی ہے۔ انہوں نے کروڑوں لوگوں کو غربت سے نکالنے میں چین کی کامیابی، جامع ترقی اور نئی معیاری پیداواری قوتوں پر توجہ نیز عالمی امور میں چین کے بڑھتے ہوئے کردار کو اجاگر کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اور چین اس سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی آہنی دوستی نے وقت کی ہر آزمائش پر پورا اترتے ہوئے ثابت کیا ہے کہ یہ تعلقات تزویراتی باہمی اعتماد اور بنیادی مفادات سے متعلق امور پر ایک دوسرے کی مسلسل حمایت سے مزید مضبوط ہوئے ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے اور صدر شی جن پنگ کے ساتھ مل کر دونوں ممالک کی منفرد اور خصوصی دوستی کو آگے بڑھانے، عملی تعاون کو مزید گہرا کرنے اور نئے دور میں مشترکہ مستقبل کی حامل قریب تر چین۔ پاکستان کمیونٹی کی تشکیل کو تیز کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوستی اور تعاون کے رشتے مزید مضبوط ہوتے رہیں گے جس سے دونوں ممالک کے عوام کی خوشحالی، علاقائی امن و استحکام اور زیادہ پرامن، منصفانہ اور تعاون پر مبنی علاقائی و بین الاقوامی نظام کے فروغ میں مدد ملے گی۔

بقیہ 5

گئے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وطن واپسی پر وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ وزیراعظم نے جنرل اسمبلی کے اجلاس سے خطاب میں پاکستان کا مؤقف مؤثر انداز میں پیش کیا۔ وزیراعظم نے عالمی رہنماؤں اور اعلیٰ حکام سے اہم دوطرفہ و کثیرالجہتی ملاقاتیں کیں۔ وزیراعظم نے عالمی سطح پر امن، سلامتی، ترقی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے پاکستان کا مؤقف اجاگر کیا۔ وزیراعظم نے عالمی مالیاتی اداروں اور کاروباری شخصیات سے ملاقاتوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کے فروغ پر گفتگو کی۔

بقیہ 6

کیلئے موجود ہیں، کشیدگی حوثیوں کی جانب سے ہو یا پھر کسی دوسرے ملک کی جانب سے، سعودی عرب کی سیکیورٹی کو چیلنج کرنے والے کسی بھی اقدام کے دفاع میں سامنے آئیں گے اور پاکستان تمام دستیاب وسائل استعمال کرے گا، ایک چیز بہت واضح ہونی چاہیے اور وہ یہ کہ سعودی عرب کا دشمن پاکستان کا دشمن ہے، حوثیوں کی جانب سے کسی بھی خطرے کی صورت میں سعودی عرب کے دفاع میں سامنے آئیں گے۔ عرب نیوز کو دورہ روم کے دوران انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سعودی عرب میں موجود پاکستانی فوجیوں کی فضائی حملوں میں شرکت کے حوالے سے آگاہ کرنے سے گریز کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان کی فوجی صلاحیتیں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان طے پانے والے نئے دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ میں تفصیل میں نہیں جاں گا لیکن جب میں یہ کہتا ہوں کہ اس معاہدے کے تحت سعودی عرب کے دفاع کے پابند ہیں تو اس کا مطلب ہے جو وسائل ہمارے پاس موجود ہیں وہ سب سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گے اور یہ واضح بیان ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ انہوں نے حوثیوں کے خلاف کیے گئے حملوں میں پاکستان کے شامل ہونے سے متعلق واضح تصدیق نہیں کی اور نہ ہی یہ بتایا کہ سعودی عرب کی جانب سے کسی قسم کی مدد کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ حوثیوں نے سعودی عرب پر میزائل اور ڈرون حملے کیے ہیں اور یمن میں بحیرہ احمر کے ساحل تک اپنا کنٹرول وسیع کر دیا ہے۔ انٹرویو میں خواجہ آصف نے حوثیوں کو جارح قرار دیا اور کہا کہ پاکستان کے سعودی کو مدد فراہم کرنے کے عزم میں کوئی ابہام نہیں ہے، سعودی عرب کا کوئی بھی دشمن پاکستان کا دشمن ہے، یہ بات بالکل واضح ہونی چاہیے۔ خواجہ آصف نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان طے پانے والے دفاعی معاہدے کے حوالے سے بتایا کہ یہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور یہ اتحاد کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تینوں ممالک سیکریٹریٹ قائم کر رہے ہیں اور اتحاد کا فریم ورک تیار ہو رہا ہے جبکہ تینوں ممالک کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کی تفصیلات تاحال جاری نہیں کی گئی ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ دیگر ممالک نے بھی اس اتحاد میں شامل ہونے کے لیے دلچسپی کا اظہار کیا ہے لیکن فوری طور پر اس اتحاد میں توسیع کا منصوبہ نہیں ہے۔

بقیہ 7

کی ٹیم نے قطری ثالثوں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ایران کی 7 روزہ تجویز پر امریکا کا جواب عباس عراقچی کو پہنچایا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق عباس عراقچی ایران میں امریکی جواب پر تبادلہ خیال کریں گے۔ خبر رساں ایجنسی کی معاملے سے باخبر عہدیدار کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان بنیادی اختلاف 7 روزہ منصوبے پر نہیں بلکہ اقدامات کی ترتیب پر ہے۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے جنگ ختم کرنے کا 7 روزہ پلان ثالثوں کے ذریعے واشنگٹن کو پیش کیا تھا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا تھا کہ اگر امریکا کچھ شرائط پوری کردے تو آبنائے ہرمز 7 دن کے اندر دوبارہ کھول دی جائے گی۔

بقیہ 8

عبداللہ نواز مرل، فیاض ڈوگر، اظہر محمود اور علی خان نیازی کے نام شامل ہیں۔ رضوان ماجد بٹ اور محمد عمران عباسی کے نام بھی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنے والوں کی فہرست میں شامل ہیں۔

بقیہ 9

مرکوز کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سالگرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چین کے قومی دن کی تقریب میں شرکت میرے لئے باعث مسرت ہے۔ اس موقع پر چین کے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ تاریخی دن عظیم چینی قوم کی ثابت قدمی، اتحاد اور ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے، صدر شی جن پنگ کی دوراندیش قیادت میں چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے، سال 2026 پاکستان اور چین کے مشترکہ سفر میں ایک خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، ہمارے دل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک ساتھ دھڑکتے ہیں، ہماری دوستی نے ہمیشہ وقت کے ہر امتحان خواہ وہ زلزلے ہوں، طوفان ہوں یا سیلاب، کا سامنا کیا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری ہماری دیرینہ دوستی اور اپنے عوام کے لئے زیادہ خوشحال اور ترقی یافتہ مستقبل کے مشترکہ عزم کی مظہر ہے، اب ہم سی پیک کے اگلے مرحلے سی پیک 2.0 میں داخل ہو رہے ہیں، نئے فیز میں صنعتکاری، خصوصی اقتصادی زونز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت، زراعت، کان کنی اور معدنیات پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی، زراعت کے شعبے میں ہونے والی پیشرفت انتہائی خوش آئند ہے، پاکستان سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار زرعی گریجویٹس کے پہلے گروپ نے چین میں اپنی تربیت مکمل کرلی ہے، مزید 1,000 افراد پر مشتمل اگلا گروپ چین جانے کے لئے تیار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ہمارے نوجوانوں کی صلاحیتوں اور ان کے مستقبل میں ایک قیمتی سرمایہ کاری ہے، پاکستان چین تعلقات ہماری خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہیں، رواں سال مئی میں صدر شی جن پنگ کے ساتھ گفتگو ہماری دیرینہ دوستی کی ایک مضبوط تجدید عہد تھی، ہم دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والی اہم مفاہمت پر عملدرآمد کے لئے پوری طرح پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کی غیر معمولی تبدیلی اور بڑھتی ہوئی شراکت، دنیا بھر کے ممالک بالخصوص پاکستان کو متاثر کرتی رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی زبان کا ایک خوبصورت قول ہے دور دیس میں موجود مخلص دوست، دوری کی سرزمین کو قریب کر دیتا ہے، یہ الفاظ ہمارے دونوں عظیم ممالک کے درمیان دوستی اور قربت کی بہترین عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے اس پختہ عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان، چین کے ساتھ مل کر 'نئے دور میں مشترکہ مستقبل کی حامل، مزید قریبی پاک۔ چین کمیونٹی' کی تعمیر کی جانب پیش قدمی جاری رکھے گا۔ انہوں نے پاک۔ چین دوستی زندہ باد کا نعرہ لگایا۔ تقریب میں چینی سفیر جیانگ زائیڈونگ نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چین اور پاکستان ہر موسم کے تزویراتی تعاون کے شراکت دار ہیں، پاکستان اپنے اصولی مؤقف، وسیع عالمی وژن اور اعلیٰ سفارتی بصیرت کے باعث بین الاقوامی سطح پر بڑھتا ہوا اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے کثیرالجہتی اور بین الاقوامی تعاون کی حمایت کی، خطے اور اس سے باہر امن وسلامتی کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس سے خطاب میں پاکستان کے قومی مفادات کا مضبوطی سے دفاع کیا، اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں بین الاقوامی اور علاقائی مسائل پر پاکستان کے مؤقف کو پیش کیا گیا جسے عالمی برادری کی جانب سے سراہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 75 برسوں کا شاندار سفر ثابت کرتا ہے کہ چین اور پاکستان ایسے دوست ہیں جنہوں نے خوشی اور غم میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا، پاکستان اور چین ہر وقت میں بھائیوں کی طرح ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مختلف شعبوں میں چین پاکستان عملی تعاون کو ہمیشہ بہت اہمیت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان کے درمیان بین الاقوامی سطح پر بھی قریبی رابطہ اور تعاون برقرار رہا ہے۔ مارچ میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بیجنگ میں سی پی سی کی مرکزی کمیٹی کے پولیٹیکل بیورو کے رکن اور وزیر خارجہ وانگ یی کے ساتھ مذاکرات کیے اور دونوں فریقین نے خلیج اور مشرق وسطیٰ میں امن واستحکام کی بحالی کے لئے مشترکہ طور پر پانچ نکاتی اقدام جاری کیا۔ ستمبر میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نیویارک میں چین کی میزبانی میں منعقدہ 'گلوبل ڈویلپمنٹ انیشیٹو' (عالمی ترقیاتی اقدام) سے متعلق اعلیٰ سطحی تقریب میں شرکت کی۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اپنے خطاب میں انہوں نے صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اس بات پر زور دیا کہ صدر شی جن پنگ نے چار عالمی اقدامات تجویز کیے اور ان کے نفاذ کو فروغ دیا ہے اور ان اقدامات کو بنیاد بناتے ہوئے ہم یقیناً مشترکہ طور پر انسانیت کے لئے ایک مشترکہ مستقبل تعمیر کرنے کے قابل ہوں گے، ہم وزیراعظم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک نئے تاریخی موڑ پر کھڑے ہو کر ہم پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لئے تیار ہیں تاکہ مختلف شعبوں میں اپنی آہنی دوستی اور ہمہ جہت تعاون کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صدر شی جن پنگ اور پاکستانی قیادت کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے پر عملدرآمد کریں گے، "نئے دور میں چین۔ پاکستان مشترکہ مستقبل کے مزید قریبی معاشرے کی تعمیر" کے ایکشن پلان میں ٹھوس پیشرفت کریں گے اور سیاسی باہمی اعتماد کی قوت کو تعاون اور ترقی کے لئے پائیدار محرک میں تبدیل کریں گے۔ چینی سفیر نے کہا کہ عملی تعاون کو گہرا کریں گے اور باہمی مفاد اور دونوں فریقوں کی کامیابی کے نتائج حاصل کریں گے۔ صنعت، زراعت اور کان کنی کے تین ترجیحی شعبوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ہم سی پیک 2.0 کی اعلیٰ معیاری ترقی کو مضبوطی سے آگے بڑھائیں گے اور چین۔ پاکستان آزاد تجارتی معاہدے کے جدید اور بہتر ورژن کی تیاری میں تیزی لائیں گے تاکہ تجارت اور سرمایہ کاری کے تعاون کو وسیع تر شعبوں اور گہرائی تک بڑھایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام کی فلاح و بہبود کی ضروریات کو پورا کریں اور عوامی حمایت کو مستحکم کریں، ہم عوام کی فلاح و بہبود کے مزید "چھوٹے مگر بہترین" منصوبے شروع کریں گے اور بلوچستان میں صاف پانی کے 100 مراکز کی تعمیر، 1,000 سمارٹ کلاس رومز کی اپ گریڈیشن اور ایک لاکھ سکول کٹس کی تقسیم کے عمل کو تیز کریں گے، ہم صحت، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور دیگر شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنائیں گے اور یونیورسٹیوں، تھنک ٹینکس، نوجوانوں اور خواتین کے درمیان تبادلوں کو وسعت دیں گے تاکہ ہماری دوستی کی بنیاد کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی تعاون کو بڑھانا اور تحفظ کا ایک مضبوط حصار قائم کرنا، ہم دفاع، سلامتی اور انسداد دہشت گردی کے شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کریں گے، ہر قسم کی دہشت گردی کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے اور اپنی اپنی ترقی اور علاقائی استحکام کے لئے ٹھوس ضمانت فراہم کریں گے۔

بقیہ 10

میں (ن) لیگ کے طارق فضل چوہدری اور بلال اظہر کیانی بھی موجود تھے، اجلاس میں مختلف شعبوں کے سیکرٹریز کو بھی بلایا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں آئی ایم ایف سے متعلق فنانس کے معاملات اور قانون سازی کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس بلائے جانے اور ایوان کی کارروائی سے متعلق اتحادی ارکان سے بھی بات ہوئی۔ اجلاس میں پورٹ قاسم اتھارٹی، گوادر پورٹ اتھارٹی اور لائف انشورنس نیشنلائزیشن بل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 11

تھے جبکہ پیپلز پارٹی ارکان شیری رحمان اور نوید قمر اجلاس میں شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق مختلف شعبوں کے سیکریٹریز کو بھی اسپیکر چیمبر میں بلایا گیا۔ آئی ایم ایف سے متعلق فنانس کے معاملات پر قانون سازی سے متعلق امور پر مشاورت کے ساتھ قومی اسمبلی اجلاس بلانے اور ایوان کی کارروائی سے متعلق بھی بات کی گئی۔ اس سے قبل وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا ن لیگ اور پیپلز پارٹی رہنماؤں کی ملاقات میں موجودہ حالات کے تناظر میں قانون سازی سے متعلق امور زیرغور آئیں گے۔ پیپلز پارٹی نے دہشتگردی کے حوالے سے ہمیشہ بھرپور جنگ لڑی ہے، وفاقی حکومت کے پی میں ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔

بقیہ 12

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی سے کل ٹیلیفونک رابطہ ہوا تھا، آج ملاقات کا امکان نہیں ہے۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی سے متعلق سوال کے جواب میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، نہ ہی کوئی ایمرجنسی کی صورتحال ہے، لانگ مارچ ہمارا سیاسی اور اٹل فیصلہ ہے، لانگ مارچ پرامن ہوگا، کسی پر چڑھائی نہیں کر رہے۔ سہیل آفریدی کی تبدیلی سے متعلق سوال پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ہی رہیں گے، ایم پی ایز وزیراعلیٰ کے لیے اپنی سی ویز جیب میں رکھیں۔ شوکت یوسفزئی کی جانب سے بھیجے گئے خط سے متعلق سوال پر چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ شوکت یوسفزئی نے واٹس ایپ پر خط بھیجا، یہ میرے اور ان کے درمیان بات ہے، پارٹی کو شوکت یوسفزئی سے کوئی ناراضگی نہیں، شوکت یوسفزئی اب بھی صوبائی سیکرٹری اطلاعات ہیں، یہ جمہوری پارٹی ہے، ایسے لیٹر آتے رہتے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر اور وزیراعظم کی ملاقات ضرور ہونی چاہیے، ملاقات میں میری موجودگی محمود اچکزئی پر انحصار کرے گی، رانا ثنااللہ نے میری بات بھی کی ہے۔

بقیہ 13

حسین مجی کا کہنا تھا کہ امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر مسلط کردہ جنگ سے پہلے تیس سے چالیس امریکی جہاز خلیج فارس میں موجود تھے۔ اب ایک بھی امریکی جہاز اس علاقے میں موجود نہیں، یہی نہیں بلکہ خلیج فارس میں فعال امریکا کے پانچویں بحری بیڑے کی کوئی چھوٹی کشتی بھی خلیج فارس میں نہیں ہے۔ جنرل مجی نے کہا کہ اس لیے امریکی دھمکیاں یقینی شکست کو خوف ظاہر کرنے کی کوشش ہیں۔ یو ایس ایس ابراہام لنکن، جیرالڈ فورڈ اور دیگر کا حوالہ دیتے ہوئے جنرل مجی نے دعویٰ کیا کہ امریکی فوج کے پاس طویل جنگ کی صلاحیتیں نہیں، ساتھ ہی انہوں نے امریکا کو خبردار کیا کہ ایران کیخلاف کسی بھی جارحیت کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔

بقیہ 14

ساعت کیلئے مقرر کردیے۔ الیکشن کمیشن میں اپی کے میپ کیخلاف پارٹی آئین میں تبدیلی اور انٹرا پارٹی انتخابات سے متعلق مقدمات کی ساعت کی 6 اکتوبر کو ہوگی، الیکشن کمیشن نے اس سلسلے میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کو باقاعدہ نوٹس بھی جاری کردیا ہے۔ دونوں معاملات پر الیکشن کمیشن کی جانب سے فریقین کو طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 15

چند ہی منٹ بعد حادثے کا شکار ہو گیا جس کے نتیجے میں 6 افراد ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق یہ حادثہ ٹی یو 95- طیارے کے ساتھ پیش آیا۔ طیارے نے آمور کے علاقے میں سے اڑان بھری تھی کہ کچھ دیر بعد گر کر تباہ ہو گیا۔ حادثے کے بعد امدادی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے زخمی افراد کو اسپتال منتقل کیا۔ روسی حکام کا کہنا تھا کہ حادثے کے وقت طیارے میں کوئی گولہ بارود یا جنگی ہتھیار موجود نہیں تھا تاہم حادثے کی وجہ فوری طور پر سامنے نہیں آ سکی۔ روسی میڈیا کے مطابق ٹی یو 95- سوویت دور میں تیار کیا جانے والا طویل فاصلے تک پرواز کرنے والا اسٹریٹجک بمبار طیارہ ہے۔ یہ طیارہ روسی فضائیہ کے اہم ترین بمبار طیاروں میں شمار ہوتا ہے اور اسے طویل فاصلے کے کروز میزائل لے جانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ روسی حکام نے حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ تباہ ہونے والے طیارے کے ملبے کی جگہ پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 16

غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق عراق سے امریکی افواج انخلا کے بعد سیکیورٹی خلا پیدا ہونے کے خدشات بڑھ گئے۔ ماہرین کو خدشہ ہے کہ اس صورت حال سے ایران کے حمایت یافتہ ملیشیا کو تقویت مل سکتی ہے اور داعش کو دوبارہ منظم ہونے کا موقع مل سکتا ہے۔ آخری امریکی فوجیوں کی واپسی کو تہران اور اس کے اتحادیوں نے فتح کے طور پر پیش کیا، تاہم متعدد عراقی شہریوں کو تشویش ہے کہ ان کی اپنی سیکیورٹی فورسز ملک کی حفاظت کی ذمے داری سنبھالنے کے لیے ابھی پوری طرح تیار نہیں۔ واضح رہے کہ امریکی افواج کے انخلا پر 2024 میں جو بائیڈن کے دور حکومت میں اتفاق کیا گیا تھا، جس پر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے ایسے وقت میں عمل درآمد کیا جب وہ پڑوسی ملک ایران کے خلاف جنگ بھی جاری رکھے ہوئے ہے۔ یہ انخلا امریکا کی قیادت میں اتحادی افواج کی جانب سے صدام حسین کی حکومت کا تختہ الٹنے کے 23 سال بعد عمل میں آیا ہے، جس کے بعد عراق میں کئی برس تک بدامنی اور انتشار جاری رہا۔ امریکی فوج ابتدائی طور پر 2011 کے اختتام پر عراق سے نکل گئی تھی، تاہم 3 سال سے بھی کم عرصے بعد اس وقت واپس آئے جب داعش کے جنگجوؤں نے عراق کے تقریباً ایک تہائی حصے پر قبضہ کر لیا تھا۔ امریکا کی اس صدی کی سب سے بڑی جنگ میں ساڑھے 4 ہزار سے زائد امریکی فوجی ہلاک ہوئے، جو افغانستان میں لڑی جانے والی متوازی جنگ میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی تعداد سے تقریباً دوگنا ہے۔ عراق باڈی کاؤنٹ منصوبے کے مطابق عراق میں 2 لاکھ سے زائد شہری بھی مارے گئے۔

بقیہ 17

لیے روزگار کے راستے محدود کیے جا رہے ہیں اور دوسری جانب بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BDA) جیسے اہم ترقیاتی ادارے کو ہی ختم کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں ہزاروں ملازمین کا مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہو گیا ہے۔ بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی صوبے کی ترقی، منصوبہ بندی اور تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے، ایسے ادارے کو بیک قلم جنبش ختم کرنا اور اس سے وابستہ ہزاروں ملازمین کے مستقبل کو داؤ پر لگانا حکومت کی پالیسی اور ترجیحات پر سنجیدہ سوالات اٹھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترقیاتی ترجیحات کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ چمن، کوئٹہ اور سبی۔ ہرنائی ریلوے سروسز بند کر دی گئی ہیں، جبکہ کچلاک۔ سریاب ریلوے کو کھولنے کو ترقی کا نام دیا جا رہا ہے۔ ایسے اقدامات سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا عوام کو بنیادی سفری سہولیات اور موجودہ انفراسٹرکچر کی بحالی فراہم کرنا ترجیح ہے یا محض اعلانات اور نمائشی اقدامات کو ترقی قرار دینا مقصود ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ملازمین کے ایک بڑے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ملازمین کے جائز، قانونی اور آئینی حقوق کا مقدمہ ہر فورم پر پوری قوت کے ساتھ لڑے گی اور انہیں کسی صورت بے یار و مددگار نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان پہلے ہی سنگین معاشی اور انتظامی بحران سے دوچار ہے، بارڈر بند ہیں، بین الصوبائی تجارت اور آمدورفت متاثر ہے، اہم شاہراہوں پر رکاوٹیں ہیں، تاجر برادری پریشان حال ہے، جبکہ زراعت تباہی کا شکار ہے۔ مائنز اینڈ منرلز کا شعبہ ایک طرف الاٹمنٹ کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے اور دوسری جانب امن و امان کی مخدوش صورتحال کے باعث معدنی سرگرمیاں، کام اور ترسیل متاثر ہو رہی ہے، جس کے باعث عوام مشکلات سے دوچار ہیں۔ ایسے حالات میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے بجائے ایک پورے محکمے کو ختم کر دینا اور اس سے وابستہ ہزاروں ملازمین کو مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال میں دھکیل دینا حکومت کی منصوبہ بندی اور ترجیحات پر سنگین سوالات اٹھاتا ہے۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے واضح کیا کہ ملازمین کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے جمعیت علماء اسلام ہر آئینی، قانونی اور جمہوری فورم پر آواز بلند کرے گی اور ان کے حقوق کی جدوجہد میں ہر سطح پر ان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔ دریں اثناء انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی جانب سے 9 اکتوبر کو شہید اسلام کانفرنس منعقد کی جا رہی ہے، جو شہید مولانا محمد حنیف اور جمعیت علماء اسلام کے دیگر شہدائے اسلام کی یاد میں منعقد ہوگی، جس میں شہداء کی دینی، ملی، سیاسی اور جمہوری خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 18

کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں کہی۔ تقریب میں گورنر سندھ نہال ہاشمی اور ایم کیو ایم کے رہنما فاروق ستار سمیت سیاسی اور کاروباری شخصیات شریک ہوئیں۔ تقریب میں جرمن قونصل جنرل، عمان کے قونصل جنرل سمیع عبداللہ سلیم الخنجری، قطر کے قونصل جنرل نائف شاہین السلیطی اور چین کے قائم مقام قونصل جنرل فینگ ڈیہنگ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر جام قائم علی نے کہا کہ چیلنجنگ صورتحال کے باوجود فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کی کوشش ہے کہ ملکی معیشت مضبوط کی جائے اور سندھ خصوصاً کراچی میں کاروبار کے مواقع بڑھائے جائیں۔

بقیہ 19

گئے لانگ مارچ کو مزید ملتوی نہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کردہ 4 اکتوبر کو اسلام آباد کی طرف مارچ کرنے کا حتمی فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے اس حوالے سے ارکان اسمبلی، عہدیداروں، ذیلی تنظیموں کو ہدایت کی گئی کہ لانگ مارچ کی مکمل تیاری کریں جبکہ اس حوالے سے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق 2 اکتوبر کو لانگ مارچ کا شیڈول جاری کیا جائیگا جبکہ وزیراعلیٰ کی سربراہی میں قافلہ پشاور سے روانہ ہوگا اور صوابی میں پڑاؤ کرے گا جہاں سے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے ہدایت دی کہ لانگ مارچ پرامن ہوگا، کارکن اور ارکان اسمبلی دو ہاتھ اور دو پاں لیکر جائیں گے، غلیلیں، ڈنڈے اور بندوقیں لے کر نہیں جائیں گے جو انتشار کی کوشش کریں انہیں پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔ چار اکتوبر کو لانگ مارچ کے حوالے سے تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی، ڈویژنل تنظیموں، عہدیداروں کا اجلاس وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی صدارت میں ہوا اجلاس میں سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں لانگ کے حوالے سے مختلف تجاویز زیرغور آئیں وزیراعلیٰ نے جنوبی اضلاع سے بھی مارچ شروع کرنے کی تجویز دی۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ حتمی شیڈول دو اکتوبر کو دیا جائے گا، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پشاور سے قافلہ روانہ ہوگا جس کا پہلا پڑاؤ نوشہرہ جبکہ اس کے بعد دوسرا پڑاؤ صوابی میں ہوگا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے اپنی صفوں میں موجود بعض عناصر سے متعلق شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے ارکان اسمبلی کو ذمہ داریاں اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے پی ٹی آئی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس بار ہر وہ پالیسی تبدیل ہوگی جس سے صوبہ کو نقصان پہنچے اگر ضرورت پڑی تو بغاوت کرینگے مگر ایسی پالیسی قبول نہیں کرینگے، 4 اکتوبر کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ ہوگا، یہ عہدے اور کرسی اس کے لئے معنی رکھتی ہے جس کے اپنے مفاد ہوں، ہم ڈر کر پیچھے ہٹنے والے نہیں۔

بقیہ 20

ایک ہی گروپ میں رکھنے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کا بھارت کے خلاف ریکارڈ متاثر کن نہ ہونے کے باوجود ٹیمیں ایک گروپ میں ہوں گی۔ آئی سی سی ایونٹس میں پاک بھارت مقابلے کو براڈ کاسٹرز اب بھی اہم سمجھتے ہیں، کمرشل پارٹنرز نے پاک بھارت مقابلے کو گروپ اسٹیج میں لازمی قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ 2027 کے شیڈول کی رونمائی (آج) بدھ کو کیپ ٹاؤن میں کی جائے گی۔ شیڈول کی رونمائی کی تقریب پاکستانی وقت کے مطابق 9 بجے ہو گی۔ واضح رہے کہ 14 ٹیموں کا آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ آئندہ سال 2 اکتوبر سے شروع ہوگا۔

بقیہ 21

نفاذ غیر جمہوری عمل ہوگا، ایمرجنسی کے نام پر عوام کے بنیادی، آئینی اور جمہوری حقوق سلب نہیں کیے جاسکتے۔ ایک انٹرویو میں ایمل ولی خان نے کہا گورنر راج یا ایمرجنسی سے خیبر پختونخوا کے حالات مزید خراب ہوں گے، خیبر پختونخوا کو اس صورتحال تک پہنچانے والوں اور پالیسیوں کا احتساب ہونا چاہیے، سزا ان کو ملنی چاہیے جنہوں نے 13 سال سے پختونخوا پر یہ ٹولہ مسلط کیا ہے۔ اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا کہ ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈال کر صوبے کے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، عوام کے تحفظ میں ناکامی پر کسی ایک فریق کو بری الذمہ قرار نہیں دیا جا سکتا، گزشتہ انتخابات میں دھاندلی صرف خیبر پختونخوا نہیں پورے ملک میں ہوئی۔

بقیہ 22

میں اہم آئینی، قانونی اور پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ وزیراعظم کی زیرصدارت مشاورتی اجلاس میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے سے متعلق مختلف آپشنز پر غور کیا گیا اور کسی بھی بڑے فیصلے سے قبل تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف سے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ملاقات کی جس میں اہم آئینی، قانونی اور پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اپوزیشن سے ہونے والے پس پردہ رابطوں اور پیپلز پارٹی کے وفد سے اپنی ملاقات کی تفصیلات سے وزیراعظم کو آگاہ کیا جبکہ ملاقات میں قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس کی طلبی سے متعلق بھی بات چیت ہوئی۔ خیبر پختونخوا کی موجودہ صورت حال اور ممکنہ آئینی اقدامات کے تناظر میں وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے کے حوالے سے جلد اہم فیصلہ متوقع ہے۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کی سیاسی اور امن و امان کی صورت حال پر وفاقی حکومت میں مشاورت تیز ہوگئی، وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس ہوا جس میں وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ اور وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے شرکت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اجلاس کو خیبر پختونخوا سمیت ملک میں امن و امان کی صورت حال پر بریفنگ دی جبکہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے صوبے سے متعلق آئینی اور قانونی امور سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ نے تحریک انصاف کی قیادت سے ہونے والے پس پردہ رابطوں کے بارے میں بھی وزیراعظم کو اعتماد میں لیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں خیبر پختونخوا کی موجودہ صورت حال سے نمٹنے کے لیے مختلف آئینی و قانونی آپشنز پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم نے فیصلہ کیا کہ کسی بھی اقدام سے قبل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات بھی متوقع ہے، جس میں خیبر پختونخوا کی صورت حال اور ممکنہ آئینی اقدامات پر مشاورت کی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر غور کر رہی ہے اور اس کی وجہ سیاسی صورت حال یا لانگ مارچ نہیں بلکہ سیکیورٹی مسائل ہیں۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی اور امن و امان کی صورت حال پر وفاقی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تشویش ہے۔ ان کے مطابق وفاق اور صوبائی حکومت کے درمیان تعاون کی کمی بھی صورتحال کو پیچیدہ بنا رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی کے نفاذ اور چیف ایگزیکٹو کے اختیارات کسی کو دینے سمیت مختلف امکانات پر غور کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اسپیکر چیمبر میں ہونے والے اجلاس سے متعلق کہا کہ وہاں قانون سازی سے متعلق امور پر بات ہوئی۔ اعظم نذیر تارڑ کے مطابق اسپیکر چیمبر کے اجلاس میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے حوالے سے کوئی بات نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی حکومت کی اتحادی جماعت ہے اور اسے اہم معاملات پر اعتماد میں لیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ نے خیبر پختونخوا حکومت کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں گورننس کی ناکامی واضح ہے۔ عطااللہ تارڑ کے مطابق صوبائی حکومت دہشت گردی روکنے میں ناکام رہی ہے جبکہ صحت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں بھی صورت حال خراب ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سیاسی طور پر اس پوزیشن میں نہیں کہ لانگ مارچ کرسکیں۔

بقیہ 23

طاقتور ہیں کہ لانگ مارچ کرسکیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورننس کی ناکامی واضح ہے، صوبائی حکومت دہشت گردی روکنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی میں ہر سال دہشت گردی کے تدارک کیلئے فنڈز دیے جاتے ہیں اس کے باوجود کوہاٹ اور ڈی آئی خان میں دہشت گردی کے بڑے واقعات ہوئے، صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاست کو ترک کرکے وہاں جائے جہاں لاشیں گر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج کا سوال قبل از وقت ہے، خیبر پختونخوا میں صحت، تعلیم سمیت ہر شعبہ تباہ ہو چکا ہے، یہ لوگ دہشت گردی کے خاتمے کے حوالے سے نہ کچھ کیا نہ کرنا چاہتے ہیں، پی ٹی آئی سیاسی طور پر بہت کمزور ہو چکی ہے، مجھے نہیں لگتا کہ سہیل آفریدی سیاسی طور پر اتنے طاقتور ہیں کہ لانگ مارچ کرسکیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ میں کوہاٹ، چارسدہ پشاور ہر جگہ گیا ہوں گورننس کی ناکامی واضح ہے، میں کانسٹیبل فہیم اللہ کے گھر گیا، کے پی میں لاشیں گر رہی ہیں، سیاست ہوتی رہے گی لوگوں کو دہشت گردی سے چھٹکارا دلائیں، سیاست اتنی اہم نہیں کہ لوگوں کی زندگیوں پر ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ افغان حکومت دہشت گردی کو سپورٹ کر رہی ہے، دہشت گردی کا بھرپور جواب دیا اور آئندہ بھی دیں گے، تھری ایم پی او کے تحت نظر بندی قانون کے مطابق ہے۔-----

وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے پی میں ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کر رہی ہے، دہشتگردی کے خلاف ناکامی کے باعث آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی نفاذ پر غور کیا جا رہا ہے، ایمرجنسی کے نفاذ کی صورت میں پیپلز پارٹی حکومت سے تعاون کرے گی، ایمرجنسی نفاذ کے لیے جو بھی سیاسی نقصان اٹھانا پڑے ہم اس کیلئے تیار ہیں۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر نے کہا خیبر پختونخوا میں دہشتگردی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، عوام اور امن و امان قائم کرنے والے اہلکار شہید ہو رہے ہیں، کے پی حکومت صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر قابو پانے میں ناکام ہوئی ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا دہشتگردی بلوچستان میں بھی ہے لیکن وہاں کے وزیراعلیٰ روک تھام کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، کے پی حکومت دہشتگردی کی روک تھام کے سلسلے میں وفاقی حکومت کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔-----

پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگایا گیا تو قانونی طور پر مقابلہ کیا جائے گا۔ چارسدہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ صوبائی حکومت کا اختیار ویسے بھی چھین لیا گیا ہے، خیبر پختونخوا میں عملاً گورنر راج ہے، صوبے میں پولیس بے بس ہے، احکامات کہیں اور سے آ رہے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ ملک میں شفاف انتخابات کروائے جائیں، ہمارے اراکین اسمبلی اور وزراء کو اٹھایا جا رہا ہے، ملک میں آئین و قانون کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو تمام بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے۔

بقیہ 24

کو وفاقی دارالحکومت میں انٹرنیشنل پارلیمنٹیرینز کانگریس کے زیر اہتمام افغانستان کی صورتحال پر کانفرنس ہوئی جس سے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کا معاملہ اکیڈمک ڈسکشن سے زیادہ کچھ مانگتا ہے۔ افغانستان میں امن و پاکستان میں امن دونوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ پرامن اور مستحکم افغانستان کی بات کی ہے۔ بطور وزیر داخلہ واضح طور پر کہتا ہوں کہ ہم دہشتگردی کا شکار ہیں، جو دہشتگردی افغانستان میں بیٹھ کر لوگ کر رہے ہیں۔ افغانستان کی سرزمین پاکستان سمیت کسی ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اقوام متحدہ سمیت دیگر ادارے کہہ چکے ہیں کہ افغانستان میں متعدد دہشتگردوں کے ٹھکانے ہیں۔ پاکستان افغان عوام کے ساتھ انسانی بنیادوں پر رشتہ رکھتا ہے، تاہم پاکستان ان عوامل کے خلاف ہے جو افغانستان سے ہمارے ملک میں دہشتگردی کرتے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پاک افغان بارڈر خطے کے امن کے لیے انتہائی اہم ہے۔ بارڈر سیکیورٹی صرف ایک ملک کی ذمہ داری نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد تنظیمیں بڑھ رہی ہیں، کراس بارڈر دہشتگردی بھی بڑھ رہی ہے۔ پاکستان نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کو رکھا ہے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ نے کہا کہ ہمارا یقین ہے کہ افغان حکومت میں تمام طبقات کی نمائندگی ضروری ہے۔ پاکستان اپنے ہمسایوں کے ساتھ مستقل ٹینشن نہیں چاہتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان افغانستان میں امن چاہتا ہے۔

بقیہ 25

سندھ کی سیاسی وانتظامی صورتحال، حکومتی امور اور مختلف محکموں کی کارکردگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سابق وفاقی وزیر غوث بخش خان مہر نے بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، جس میں سندھ کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی اور انہیں صوبے کی سیاسی وانتظامی صورتحال سمیت جاری حکومتی امور سے آگاہ کیا۔ سندھ کے وزیر صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے ملاقات کے دوران اپنے محکمے کی کارکردگی اور متعلقہ امور سے چیئرمین پیپلز پارٹی کو آگاہ کیا۔ دریں اثنا بلوچستان کے وزیراعلیٰ کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت بابا غلام رسول عمرانی نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی اور اپنے محکمے کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ملاقاتوں میں صوبائی سیاسی صورتحال، انتظامی معاملات اور مختلف محکموں کی کارکردگی سے متعلق امور زیر بحث آئے۔

بقیہ 26

بجائے محض تماشائی بن گیا ہے۔ عرب میڈیا سے گفتگو کے دوران ابراہیم المدحون نے کہا کہ فلسطینی دھڑوں کو منصوبہ قبول کرنے کے بدلے جارحیت روکنے، اسرائیلی فوج کے انخلا، امن دستوں اور علیحدگی کی فورسز کی تعیناتی اور ایک انتظامی کمیٹی کے قیام کی یقین دہانی کروائی گئی تھی، اسرائیل نے ان میں سے کسی ایک بھی اقدام پر عمل نہیں کیا۔ ابراہیم المدحون کے مطابق امن بورڈ محض بیانات جاری کر کے معاہدے کی ناکامی کا ذمے دار تمام فریقوں کو قرار دیتا ہے حالانکہ ایک فریق معاہدے کو مسترد کر کے اس پر عمل نہیں کر رہا جبکہ دوسرا فریق معاہدے پر مکمل عمل کر رہا ہے۔ انہوں نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے مزید کہا کہ امن بورڈ کی اس ناکامی کے باعث فلسطینیوں، خطے کے دیگر حلقوں اور حتیٰ کہ ثالثوں میں بھی بورڈ کی افادیت اور مستقبل کے حوالے سے شکوک بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 27

عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سعودی میڈیا کے مطابق منگل کو ریاض میں ہونے والے کابینہ کے اجلاس میں مکہ دفاعی معاہدے کے سیکرٹریٹ کے قیام کے علاوہ علاقائی اور عالمی صورتحال پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں آبنائے ہرمز، باب المندب، بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں بحری آمدورفت کی آزادی اور تحفظ کی اہمیت اجاگر کر کی گئی۔ اجلاس کے شرکا نے آبنائے ہرمز میں حالات کو 28 فروری سے پہلے کی سطح پر بحال کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا جبکہ بحری جہازوں پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی مذمت سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے بیان کا خیر مقدم کیا گیا۔ کابینہ نے مکہ دفاعی مشترکہ معاہدے کے سیکرٹریٹ کے قیام سے متعلق پیشرفت کا بھی جائزہ لیا جس کے ساتھ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے مابین دفاعی تعاون کے امور بھی زیر بحث آئے۔ اجلاس میں سمندری راستوں کے تحفظ، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون سے متعلق امور کو اہمیت دی گئی۔

بقیہ 28

روزگار اور تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں اور لاپتہ افراد کو بازیاب کر کے سیاسی کارکنوں کو رہا کیا جائے۔ عوام کو بنیادی حقوق، امن اور باعزت روزگار کی فراہمی ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے۔ ان مطالبات کیلئے بلوچستان بھر میں دستخطی مہم شروع کر دی گئی ہے عوام الناس نوجوان سمیت سب اس دستخطی مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ امرائے اضلاع و ذمہ داران تمام علاقوں میں مہم کو تیز کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے بدامنی، بے روزگاری، معاشی مشکلات، شاہراہوں اور بارڈرز کی بندش سمیت مختلف مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ عوامی مشکلات میں اضافہ کرنے والی پالیسیوں کے بجائے مسائل کے مستقل حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ پٹرول پر عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مختلف اداروں اور چیک پوسٹوں پر غیر ضروری وصولیوں کا خاتمہ کیا جائے، بارڈر تجارت کو قانونی اور آسان بنایا جائے تاکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار وابستہ رہ سکے۔ نوجوانوں کو روزگار اور معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں، کیونکہ بلوچستان کا مستقبل نوجوان نسل سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کے مسئلے کو انسانی اور آئینی بنیادوں پر حل کیا جائے اور سیاسی کارکنوں سمیت تمام شہریوں کو قانون کے مطابق انصاف فراہم کیا جائے۔ حکومت اور متعلقہ ادارے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں، محض اعلانات سے بلوچستان کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان امن، عوامی حقوق، روزگار، تعلیم، قانونی بارڈر تجارت اور شہری آزادیوں کے لیے اپنی آواز بلند کرتی رہے گی اور عوامی مطالبات کے حصول کے لیے آئینی وجمہوری جدوجہد جاری رکھے گی

بقیہ 29

کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے میر علی اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا۔ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئیں ضلع سوراب کے علاقے مال مدرسہ کے قریب سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں ایک دہشتگرد ہلاک اور دوسرا فرار ہو گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشت گرد سے اسلحہ اور موٹرسائیکل برآمد کر لیا گیا۔ اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے میر علی میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری قابل فخر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ملک کے امن اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے میر علی میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 3 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو شاباش دی۔ وزیراعظم نے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کو سراہا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان سے دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 30

ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس میں اے آئی رہنماؤں سے ملاقات کے بعد گفتگو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہمیں مصنوعی ذہانت کے میدان میں نمایاں برتری حاصل ہے اور ہم اسے برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق صدر ٹرمپ نے ٹیکنالوجی عہدیداروں کے ساتھ مصنوعی ذہانت سے متعلق ایک دستاویز پر دستخط کیے ہیں۔ ٹرمپ نے دستاویز کو تحفظ کی ایک شکل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نگرانی کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دینے پر غور کر رہے ہیں، ہم خود احتسابی کا زبردست عمل دیکھ رہے ہیں، اے آئی رہنما اس بات کو سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملاقات میں ڈیٹا سینٹرز کے قیام کے مقامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جن علاقوں میں ڈیٹا سینٹرز تعمیر کیے جائیں گے، وہاں کے لوگوں کو مالی طور پر بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

بقیہ 31

مقرر کی گئی تھی جس میں 15 روز کی توسیع کی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق ٹیکس دہندگان اپنے انکم ٹیکس گوشوارے 15 اکتوبر تک جمع کروا سکتے ہیں۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ستمبر میں ٹیکس وصولی کا 100 فیصد ہدف حاصل کیا گیا ہے۔ اس ماہ میں مجموعی ٹیکس وصولی ایک ہزار 390 ارب روپے رہی۔

بقیہ 32

آئی ایم ایف کے ساتھ ہوئے مذاکرات میں آٹو پالیسی پر خصوصی سیشن ہوا جس میں آئی ایم ایف جائزہ مشن کو مجوزہ آٹو پالیسی کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں پاکستان کی جانب سے آئی ایم ایف وفد کو توانائی کے شعبے میں اصلاحات پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خطے کی صورتحال کی وجہ سے توانائی کا شعبہ متاثر ہوا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ وفد کو پاکستان کی جانب سے گردشی قرضہ کم کرنے کیلئے مرتب کردہ پلان اور حکمت عملی کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی طرف سے پاکستان پر زور دیا گیا ہے کہ گردشی قرضہ سے متعلق طے کردہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے اور زیرو ان فلو اہداف کے مطابق گردشی قرضہ 1600 ارب روپے تک محدود رکھنا ہدف ہے۔ آئی ایم ایف کو غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی پر بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا گیا کہ رواں مالی سال پاکستان 15 ارب ڈالر کا غیر ملکی قرضہ حاصل کرے گا جبکہ پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم بنانے کیلئے سعودی عرب سے بروقت تعاون حاصل کیا جولائی میں 2.2 ارب ڈالر کی ادائیگیاں کی گئیں ان میں 1.4 ارب ڈالر چینی کمرشل قرض اور 80 کروڑ ڈالر کے دیگر واجبات ادا کیے گئے جب کہ رواں مالی سال ساڑھے 21 ارب ڈالر کی ادائیگیاں کرنا ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں سرکاری اداروں سے متعلق قوانین کو مرکزی ایکٹ سے ہم آہنگ کرنے کے معاملے پر بھی بات چیت ہوئی۔ حکومت کو قوانین میں ترامیم کیلئے نئی ڈیڈ لائن دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے ترامیم نومبر کے وسط تک مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے واپڈا میں مؤثر گورننس ماڈل نہ ہونے پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور گورننس ڈھانچے میں اصلاحات کا مطالبہ کیا ہے۔ مذاکرات میں نیب چیئرمین کی تقرری کے عمل کو شفاف بنانے کے لیے پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا، نیب چیئرمین کی تقرری شفاف بنانے کے لیے احتساب آرڈیننس میں ترمیم بھی زیر غور ہے۔

بقیہ 33

میزائل حملے جاری رکھ سکتا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں لی بلالی نے کہا کہ ایران دشمن کو سبق سکھانے کے لیے جتنے میزائل ضروری ہوں گے، اتنے داغے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ حملوں کا جواب نہ دینے کا دور ختم ہو چکا ہے۔

بقیہ 34

کیلئے گھریلو استعمال کے 11.8 کلوگرام کے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 244 روپے 14 پیسے اضافہ کیا گیا ہے۔ اوگرا کے مطابق اکتوبر میں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر کی قیمت 3296 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ ستمبر میں اسی سلنڈر کی قیمت 3052 روپے تھی۔

بقیہ 35

قلت اور قیمتوں میں اضافے کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ برطانوی میری ٹائم ادارے یو کے ایم ٹی او کے مطابق 29 ستمبر کو آبنائے ہرمز میں 3 تجارتی بحری جہاز نامعلوم سمت سے آنے والے گولہ نما حملوں کی زد میں آئے، جن میں ایک خام تیل بردار، ایک مائع قدرتی گیس (ایل این جی) بردار اور ایک دیگر بحری جہاز شامل تھا۔ یو کے ایم ٹی او کے مطابق 28 ستمبر کو ایل این جی سے بھرے ایک اور ٹینکر کو بھی پروجیکٹائل سے نشانہ بنایا گیا، جس کی اطلاع 30 ستمبر کو سامنے آئی۔ برطانوی ادارے نے بتایا کہ خام تیل بردار جہاز کے بائیں جانب نامعلوم گولہ لگا، تاہم واقعے میں جانی نقصان یا نقصان کی مکمل تفصیلات تاحال سامنے نہیں آئی ہیں اور تحقیقات جاری ہیں۔ یوں سامنے آنے والی اطلاعات کے مطابق مجموعی طور پر 4 تجارتی بحری جہازوں کو نشانہ بنایا گیا ہے، جن میں تیل اور گیس لے جانے والے بڑے جہاز بھی شامل ہیں۔ یو کے ایم ٹی او کے مطابق دستیاب معلومات سے یہ ثابت نہیں ہوا کہ حملوں میں میزائل، ڈرون یا کسی مخصوص نوعیت کا ہتھیار استعمال کیا گیا۔ کسی گروہ نے بھی تاحال ان واقعات کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔ واضح رہے کہ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کا اہم ترین راستہ ہے، اس لیے ان واقعات کے باعث خطے میں تجارتی جہازرانی کی سلامتی اور عالمی تیل و گیس کی سپلائی سے متعلق خدشات میں اضافہ ہوا ہے۔ یو کے ایم ٹی او نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو محتاط رہنے اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی فوری اطلاع دینے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 36

پختونخوا میں گورنر راج کا سوال قبل از وقت ہے، خیبر پختونخوا میں گورننس کی ناکامی واضح ہے، صوبائی حکومت دہشتگردی روکنے میں ناکام رہی ہے، کوہاٹ اور ڈی آئی خان میں دہشت گردی کے بڑے واقعات ہوئے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر عطا تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی سیاسی طور پر بہت کمزور ہو چکی ہے، مجھے نہیں لگتا سہیل آفریدی سیاسی طور پر اتنے طاقتور ہیں کہ لانگ مارچ کرسکیں۔ عطا تارڑ نے کہا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ سیاست کو ترک کرکے وہاں جائے جہاں لاشیں گر رہی ہیں، سیاست ہوتی رہے گی لوگوں کو دہشتگردی سے چھٹکارا دلائیں، تھری ایم پی او کے تحت نظر بندی قانون کے مطابق ہے۔

بقیہ 37

، اس لیے اب ایران کے اندر اختلافات اور تقسیم کو بڑھانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق پیزشکیان نے ملک میں اتحاد، یکجہتی اور قومی ہم آہنگی برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دشمن ایران کو جنگ کے ذریعے زیر کرنے میں ناکام رہا ہے اور اب اندرونی اختلافات کو ہوا دے کر ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل کی موجودہ حکمت عملی ایران کے اندر موجود اختلافات کو پیدا کرنا اور انہیں مزید گہرا کرنا ہے۔ ان کے بقول مخالفین یہ سمجھ چکے ہیں کہ بمباری اور میزائل حملوں کے ذریعے ایرانی عوام کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اس طریقے سے ایران پر قبضہ ممکن ہے۔ پیزشکیان نے ملک کے تمام طبقات اور مختلف گروہوں کو ریاستی امور کی انتظامیہ میں شامل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی اتحاد اور معاشرے کے مختلف حصوں کے درمیان تعاون کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔ ایرانی صدر اس سے قبل بھی کہہ چکے ہیں کہ بیرونی دباؤ اور فوجی کارروائی کے ذریعے ایران کو تسلیم کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ ستمبر میں نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر انہوں نے کہا تھا کہ ایران کی تاریخی جڑیں گہری ہیں اور کوئی طاقت اسے تباہ نہیں کر سکتی۔

بقیہ 38

دستاویزات کے مطابق بجلی چوروں کو ڈی ٹیکشن بل چارج کرنے کا دورانیہ 6 سے بڑھا کر 12 ماہ کرنے کی تجویز دی گئی جبکہ بجلی چوروں کو ڈی ٹیکشن بل چارج کرنے کے لئے لوڈ کی بنیاد پر 12 ماہ کا بل چارج ہو سکے گا، کمرشل، انڈسٹریل، ٹیوب ویلز سمیت دیگر صارفین کو 12 ماہ کا بل چارج ہو سکے گا، گھریلو صارفین کو 6 ماہ کا ڈی ٹیکشن بل چارج کرنے کی تجویز دیدی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق جعلی یا بوگس میٹر کا استعمال کرنے پر ڈی ٹیکشن بل چارج کیا جاسکے گا، میٹر کے لوڈ پروفائل کو فریز یا تبدیل کرنے پر بھی بجلی چوری کا بل چارج ہوگا جبکہ سافٹ ویئر کے ذریعے بلنگ میٹر میں ردوبدل کرنے سے بھی بجلی چوری کا بل چارج ہوگا۔ ڈیوائس کے ذریعے میٹر ریڈنگ کو الٹا یا تبدیل کرنے پر بھی ڈی ٹیکشن بل چارج ہوگا، بلنگ میٹر کی سیکورٹی توڑنے سمیت دیگر معاملات پر لوڈ کی بنیاد پر بل چارج ہوگا، گھریلو صارفین کیلئے ڈی ٹیکشن بل کی مدت زیادہ سے زیادہ 6 ماہ ہوگی، نیپرا کی جانب سے کسٹمر سروسز مینوئل میں ترمیم کی منظوری پر بل چارج ہو سکے گا۔ دستاویزات کے مطابق ان مجوزہ ترامیم پر عملدرآمد نیپرا کی جانب سے کسٹمر سروسز مینوئل میں ترمیم کی منظوری کے بعد ممکن ہوگا۔

بقیہ 39

سے جاں بحق افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق ایم ٹی آر 25 کے عملے کے 4 ارکان زخمی ہوئے، زخمیوں میں 3 پاکستانی شامل ہیں، زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر کے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق ایم ٹی آر 25 کے بچ جانے والے عملے کو بحفاظت بندر بیلا پہنچا دیا گیا۔ جبوتی میں پاکستانی سفارتخانے کی ٹیم پاکستانی شہریوں کی مدد کیلئے بندر بیلا روانہ ہو گئی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی حکام صومالی حکام اور دیگر متعلقہ فریقوں سے مسلسل رابطے میں ہیں، جاں بحق پاکستانیوں کی میتیں وطن منتقلی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق بچ جانے والے پاکستانی عملے کی وطن واپسی کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 40

پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ وزیراعظم کی اب بھی ترجیح ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت آئین کے مطابق کام کرے لیکن اگر صوبائی حکومت غیر آئینی اقدامات سے باز رہنے کی یقین دہانی کرائے تو ایمرجنسی کی طرف نہیں جائیں گے، بصورت دیگر وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہوگی کہ آئینی خلاف ورزیوں کو روکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت صوبے کے امن وامان پر توجہ نہیں دے رہی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ رانا ثناء اللہ نے الزام عائد کیا کہ صوبائی حکومت کی توجہ صرف لانگ مارچ پر ہے اور گزشتہ آٹھ ماہ سے وہ اسی کی تیاری کر رہی ہے، خیبر پختونخوا میں شہری اور سیکیورٹی فورسز کے اہلکار شہید ہو رہے ہیں جبکہ صوبائی حکومت دوسرے صوبے میں جا کر لانگ مارچ کی تیاری کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو عدالتوں سے رہائی ملے گی، اسلام آباد پر چڑھائی سے نہیں، اس طرح کا عمل آئین اور قانون کے مطابق نہیں، اگر صوبائی حکومت اسی موقف پر بضد رہی تو وفاق اپنی آئینی ذمہ داری پوری کرے گا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ایمرجنسی سے متعلق فیصلہ وفاقی کابینہ کرے گی، جبکہ اس سے قبل صدر مملکت اور کابینہ سے مشاورت ہوگی، صوبے میں ایڈمنسٹریٹر مقرر کرنے یا اختیارات گورنر کو دینے سمیت آئینی راستے موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف سے آف دی ریکارڈ بات چیت جاری ہے، اور وزیراعظم نے دو مرتبہ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی کو خط لکھ کر بات چیت کی دعوت دی ہے جبکہ اپوزیشن لیڈر وزیراعظم سے ملنا چاہیں تو ملاقات کر سکتے ہیں۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ سیاسی مذاکرات بھی ایک آپشن ہے، تاہم دہشتگردی اور امن وامان کے معاملے پر صوبائی حکومت کو اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔

بقیہ 41

جنگ کے خاتمے کے لیے جاری مذاکرات میں تعطل نے قیمتوں میں ممکنہ کمی کو محدود رکھا۔ دوسری جانب مشرق وسطیٰ سے خام تیل کی سپلائی میں بحالی کے باوجود ایندھن کی محدود دستیابی نے قیمتوں کو سہارا دیا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق برینٹ خام تیل کے نومبر کے معاہدے کی قیمت 16 سینٹ یعنی 0.2 فیصد کمی کے بعد 102.43 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ یہ قیمت پاکستانی وقت کے مطابق تقریباً دوپہر ایک بج کر 11 منٹ پر ریکارڈ کی گئی۔ برینٹ کے زیادہ فعال دسمبر کے معاہدے کی قیمت بھی 18 سینٹ کی کمی کے بعد 95.98 ڈالر فی بیرل رہی، جبکہ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت 2 سینٹ اضافے کے ساتھ 89.40 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ تیل کی قیمتوں کو ایک طرف مشرق وسطیٰ سے خام تیل کی سپلائی بحال ہونے سے دباؤ کا سامنا ہے، لیکن دوسری جانب خطے میں جاری جنگ اور امریکا ایران مذاکرات میں تعطل کے باعث مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال برقرار ہے۔

بقیہ 42

۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز 2006 میں ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے تحت مانیٹرنگ سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروباری مراکز کے خلاف کارروائی کی جاسکے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پروڈکشن مانیٹرنگ، ویڈیو سرویلنس یا ڈیجیٹل آئی سسٹم لگانا لازم ہوگا، ایف بی آر سسٹم سے منسلک نہ ہونے والے رجسٹرڈ کاروبار زد میں آئیں گے۔ ایف بی آر کے اعلامیے میں کہا گیا کہ کاروبار سیل کرنے کے لیے ضرورت پڑنے پر پولیس کی مدد لی جائے گی، کمشنر ان لینڈ ریونیو رپورٹ کی بنیاد پر کارروائی شروع کر سکے گا، اسسٹنٹ کمشنر یا اس سے اوپر کا افسر تحریری رپورٹ کمشنر کو دے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمشنر انکوائری کرنے کے بعد چیف کمشنر کو رپورٹ بھیجے گا، چیف کمشنر کاروبار سیل کرنے یا نہ کرنے کا تحریری حکم جاری کرے گا، کاروباری مقام کا مکمل یا صرف مخصوص حصہ سیل کیا جا سکے گا، سیل کرنے سے پہلے کاروباری شخص کو حکم کی کاپی دی جائے گی۔ ایف بی آر اعلامیے میں بتایا گیا کہ کاروباری مقام اس وقت تک سیل رہے گا جب تک مانیٹرنگ سسٹم ایف بی آر سے منسلک نہیں ہو جاتا جبکہ سیل شدہ کاروبار کھلوانے کے لیے جرمانہ ادا کرنے کے ساتھ مانیٹرنگ سسٹم نصب کرنا ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سسٹم کی تنصیب کے وقت ایف بی آر کی ٹیکنیکل ٹیم موجود ہوگی، جبکہ سسٹم نصب ہونے کے بعد کمشنر 3 دن کے اندر سرٹیفکیٹ جاری کرے گا، الیکٹرانک مانیٹرنگ کے قواعد کا دائرہ کار مزید کاروباروں اور مینوفیکچررز پر لاگو ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 43

سندھ طاس معاہدے کی حیثیت میں یکطرفہ تبدیلی کے وسیع تر اثرات دنیا بھر میں سرحد پار پانیوں کے انتظام پر مرتب ہو سکتے ہیں، عالمی برادری کو اس معاملے کی حساسیت کا ادراک کرنا ہوگا۔ وہ بدھ کو یہاں انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) میں پانی کا بطور ہتھیار استعمال، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے تاریخی، قانونی و تذویراتی پہلو کے موضوع پر خصوصی رپورٹ کی تقریب رونمائی سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم اپنی شناخت دریائے سندھ کے پانیوں سے وابستہ سمجھتے ہیں، سندھ طاس معاہدے کے وجود میں آنے اور دو فریقوں کے درمیان دستخط کے وقت شاید یہ تصور بھی نہیں کیا گیا ہوگا کہ چند دہائیوں بعد ایسا وقت بھی آئے گا جب بھارت قانونی تقاضوں سیاعلم اور اخلاقی اقدار سے عاری ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ شرائط وضوابط کا تعین کرنے والا قانونی فریم ورک ہے اور دستخط کے بعد دونوں فریقین پر قانونی طور پر قابل نفاذ اور لازم ہے، جب معاہدے میں یہ شرط بھی موجود ہو کہ اسے یکطرفہ طور پر منسوخ، ختم یا تبدیل نہیں کیا جا سکتا تو اس سے پاکستان کے موقف کو قانونی تقویت اور جواز ملتا ہے۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ معاہدے کو نہ تو یکطرفہ طور پر تبدیل، ختم یا منسوخ کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اسے معطل کیا جا سکتا ہے، کسی تنازع کی صورت میں بھی دونوں فریق معاہدے کی شرائط وضوابط پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگست 2025 میں عالمی ثالثی عدالت نے پاکستان کے اس موقف کو قانونی جواز اور تقویت دی کہ معاہدے کی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان نے اس معاملے کو سفارتی انداز میں آگے بڑھایا، عالمی برادری سے رابطہ کر کے اپنا قانونی اور سفارتی موقف پیش کیا اور ایک ایسی ریاست کے طور پر اپنا مقدمہ پیش کیا جو دوسروں کے حقوق کا احترام کرتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حال ہی میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ پاکستان اور خطے کے عوام کے لیے زندگی کی شہ رگ ہے اور اس حق کو غصب کرنے کی کسی بھی کوشش کو جنگی اقدام تصور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پاکستان کا مقف بالکل واضح ہے۔ دفتر خارجہ اور وزارت اطلاعات ونشریات نہ صرف عالمی اداروں بلکہ خطے کے ممالک کے ساتھ بھی رابطے میں ہیں کیونکہ سندھ طاس معاہدہ خطے میں امن و استحکام کا ذریعہ ہے۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ بھارت اپنے غیر قانونی اقدامات کے دفاع کے لیے مبینہ سرحد پار دہشت گردی کو جواز کے طور پر پیش کرتا ہے، تاہم پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جانوں کی قربانیاں دی ہیں جبکہ گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران پاکستان کو 150 ارب ڈالر سے زائد کے معاشی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جب کوئی پاکستانی اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتا ہے تو وہ صرف پاکستان کے تحفظ کے لئے نہیں بلکہ پوری دنیا کو زیادہ محفوظ بنانے کے لئے ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کی جنگ میں صف اول کا کردار ادا کر رہا ہے جبکہ دوسری جانب بھارت جس نے سندھ طاس معاہدہ غیر قانونی طور پر معطل کرنے کی کوشش کی لیکن کینیڈا اور دیگر ممالک میں سکھوں سمیت اقلیتوں کے خلاف ماورائے سرحد قتل و کارروائیوں کے الزامات بھی عائد ہوئے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پانی کو ہتھیار بنانے اور سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے تنازعہ پیدا کرنے کی کوشش قابل مذمت ہے اور اسے قانونی، سفارتی یا اخلاقی سطح پر جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پاکستان کا مقف واضح ہے اور متعدد ممالک نے پاکستان کے مقف کی تائید کی ہے، جب بھی یہ معاملہ عالمی سطح پر قانونی فورمز پر پیش ہوا، وہاں بھی پاکستان کے مقف کو تقویت ملی ہے۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن قوم ہے اور امن پر یقین رکھتا ہے تاہم بھارت کو پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیگا کیونکہ یہ پاکستان کے 24 کروڑ عوام کا بنیادی اور مسلمہ حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو اس معاملے میں موجود وسیع تر مثال کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے، اگر کوئی ریاست متعلقہ تنازعات کے حل کے طریقہ کار کی موجودگی کے باوجود کسی پابند بین الاقوامی آبی معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرسکتی ہے تو اس کے اثرات دنیا بھر میں سرحد پار پانیوں کے انتظام اور تقسیم کے نظام تک پھیل سکتے ہیں، اس کے ان ممالک پر بھی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں جن کے درمیان پانی کی تقسیم کے حوالے سے معاہدے موجود ہیں، اسی لئے انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد کا کام اہم ہے، تحقیقی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسی پیشرفت کا تاریخی، قانونی اور تذویراتی جائزہ لے کر پالیسی سازوں اور عالمی برادری کو شواہد پر مبنی تجزیہ فراہم کریں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے جاری کی جانے والی خصوصی رپورٹ اس بحث میں اہم کردار ادا کرتی ہے جس میں سندھ طاس معاہدے کی تاریخ، بھارت کے فیصلوں کے قانونی پہلوؤں، بالائی علاقوں میں آبی انفراسٹرکچر سے متعلق پیشرفت اور پاکستان سمیت پورے خطے پر اس کے تذویراتی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت پاکستان عالمی برادری سے رابطے جاری رکھے گی اور بین الاقوامی قانون کے مطابق پاکستان کے اہم قومی مفادات کا دفاع کرتی رہے گی، جو ممالک بین الاقوامی قانون کی پاسداری نہیں کرتے وہ ترقی نہیں کر سکتے اور ان کے عزائم کو دنیا بخوبی دیکھ سکتی ہے۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ ثالثی عدالت میں بھارت کو جس سبکی کا سامنا کرنا پڑا، اسے سب نے دیکھا ہے۔ وفاقی وزیر نے خصوصی رپورٹ جاری کرنے پر انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس مقصد کے لئے ادارے کے ساتھ مسلسل کام کرنے کی خواہاں ہے۔

بقیہ 44

داران نے شرکت کی، اجلاس میں خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر میں امن وامان کی مجموعی صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے امن وامان کی صورت حال پر بریفنگ دی، اجلاس میں پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے اعلان اور بیک ڈور رابطوں کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں خیبر پختونخوا کی صورت حال کے تناظر میں آرٹیکل 233 اور 234 پر آرا لی گئیں۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کی صورت حال پر صدر آصف زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف کی ملاقات کا بھی امکان ہے، ملاقات میں آئینی اقدامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ وفاقی وزرا نے بتایا کہ کے پی کی صوبائی حکومت سیاسی عزائم کو آگے بڑھا رہی ہے اور ٹی ٹی پی کے خطرے کے خلاف اداروں کو فراہم نہیں کر رہی ادھر وزیر اعلیٰ کے پی کے پاس نے وفاقی وزرا کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت چاہے کچھ بھی کر لے لانگ مارچ ہر صورت ہوگا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے بھی پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر کو خط لکھ کر لانگ مارچ ملتوی کرنے کی درخواست کی تھی۔

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی محکمہ داخلہ بلوچستان، برٹش ہائی کمیشن اسلام آباد کے تعاون سے انسداد دہشتگردی اور پرتشدد انتہا پسندی کے تدارک، موثر قانون سازی اور ادارہ جاتی رابطہ کاری کے حوالے سے پالیسی ڈائیلاگ پر منعقدہ تقریب کے شرکاء کو شیلڈ دے رہی ہیں

گرین بس سروس کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے جامع منصوبہ تیار کیا جائے، زیشان لاشاری

عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے گرین بس سروس کے نظام کو مرحلہ وار جدید اور ڈیجیٹلائزڈ کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن زیشان لاشاری کی زیر صدارت گرین بس سروس کو ڈیجیٹائز اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

عبدالکبیر خان زرکون کا اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ کراچی کا اہم دورہ

نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنا اور انہیں خود کفیل بنانا موجودہ صوبائی حکومت کا اولین منشور ہے، عبدالکبیر خان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر مینجنگ ڈائریکٹر بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) عبدالکبیر خان زرکون نے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بلال اکبر سبکدوش ہونیوالے سی ای او قائم لاشاری کو شیلڈ دے رہے ہیں

ملاوٹی دودھ اور دہی کی فروخت روک تھام کیلئے کارروائیاں مزید تیز

4 یونٹس کو جرمانے، ایک ملک شاپ سیل، آکسی ٹوسن انجیکشن کے 12 پیکٹ ضبط کر لیے

کوئٹہ (خ ن) ملاوٹی دودھ اور دہی کی فروخت روک تھام کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کارروائیاں مزید تیز کر دی گئی ہیں۔ کوئٹہ کے مشرقی بائی پاس اور جنگ اسٹاپ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ای پی آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس

ای پی آئی پروگرام کے تحت ویکسینیشن کے عمل کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، خالد خان

نصیر آباد ڈویژن (خ ن) جعفر آباد ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت ای پی آئی (توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات) کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: سیکرٹری اطلاعات عمران خان سے ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ عسکر خان ملاقات کر رہے ہیں

حکومت عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی پائیدار ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے

صادق عمرانی

بلوچستان کی صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

جناح پیپلز ٹرین کے لیے 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک کی اپ گریڈیشن کا منصوبہ صرف 120 روز میں مکمل کر لیا

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے طالب علم ولی اللہ ترین کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کے روز پشین کے علاقے کلی ہیکلوکی سے تعلق رکھنے والے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ میں بلوچستان بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم ولی اللہ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ پولیس نے سول ہسپتال کوئٹہ سے موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے سول ہسپتال کوئٹہ سے موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی سٹی آصف غفور کی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلال خان کاکڑ

صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا کردار اہم ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے اس (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

رئیس میر ہزار خان راہوجہ کی دستار بندی کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد

شرکاء نے رئیس میر ہزار خان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

جعفر آباد (مقصود احمد مہر) رئیس میر ہزار خان راہوجہ کی دستار بندی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں بلوچستان سے خصوصی طور پر آئے ہوئے معزز مہمانوں رئیس عبدالکریم مہر اور میر غلام حسین جمالی نے شرکت کی۔ تقریب میں، غلام (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

چیف سیکرٹری

عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

معذور افراد کو سرکاری سہولیات، خدمات اور معاشرتی تحفظ تک مؤثر رسائی فراہم کی جائے اور پروگرام کے ثمرات مستحق افراد تک پہنچانے کے لیے شفاف طریقہ کار اپنایا جائے

خواتین کے مسائل کے فوری حل اور انہیں باعزت انداز میں اپنی شکایات پیش کرنے کا موقع فراہم کرنے کے لیے خواتین کے لیے الگ کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا، جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی، عوامی شکایات کے ازالے، پرائس کنٹرول، زرعی انکم ٹیکس، صفائی مہم، تعلیمی سہولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کانفرنس میں محکمہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں مجموعی طور پر 2,935 ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی اور جائزہ لیا گیا ہے، (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

محضر نامہ عوام کی آواز ہے، ثمینہ سعید

دس روزہ دستخطی مہم کو ملک گیر عوامی رابطے میں تبدیل کیا جائے

لاہور: (پریس ریلیز) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید نے کہا ہے کہ عوام کے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کے لیے پیش کیے جانے والے محضر نامے کو ہر طبقہ زندگی تک پہنچانا اور اسے عوامی گفتگو کا حصہ بنانا ہماری بنیادی ترجیح ہے۔ دس (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

عوامی رابطہ، شفاف طرزِ حکمرانی اور مسائل کے بروقت حل کے لیے مؤثر رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے

عبدالخالق اچکزئی

کھلی کچہری میں عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور درخواستوں پر فوری اور ترجیحی بنیادوں پر کارروائی کی جائے

چمن (خ ن) ضلع چمن پہنچے بلوچستان اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر چمن کی زیر صدارت کھلی کچہری، عوامی مسائل کے بروقت حل کی ہدایات * ضلع چمن میں عوامی مسائل کے براہِ راست ازالے، گورننس میں بہتری اور ترقیاتی امور کا جائزہ لینے کے لیے آج ڈی سی کمپلیکس اسمبلی ہال (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

پنجگور، صحافی کی گاڑی چوری

پنجگور (این این آئی) پنجگور معروف صحافی کی گاڑی چنگان بازار سے چوری ہوگئی تاہم آفس میں میڈیکل اسٹور پر دوائی لینے والا شہری بھی موٹر سائیکل سے محروم کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق پنجگور کے نامور صحافی وقلمکار رفیق چاکر کی ایگزیو کار اس وقت چوری ہوگئی جب اس نے پرانے بس اسٹاپ پر گاڑی پارک کر کے بازار میں خریداری کے لیے گیا تھا

ڈیرہ مراد جمالی میں ہوٹل کے مالک اور ساتھی کی بچے سے جنسی زیادتی، پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں انسانیت سوز عمل ہوٹل مالک نے اپنے ساتھی کے ساتھ ملکر بچے کو زبردستی جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا بچے کو سخت تشویش ناک حالت میں ہسپتال منتقل مشتعل افراد کا ہوٹل پر حملہ توڑ پھوڑ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

خصوصی بچے ہماری طاقت، صلاحیت اور قومی اثاثہ ہیں، سیف اللہ کھیتران

خصوصی بچوں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی حکومت سمیت معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا ہے کہ خصوصی بچے کسی بھی معاشرے پر بوجھ نہیں بلکہ ہماری طاقت، صلاحیت اور قومی اثاثہ ہیں، ان کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی حکومت سمیت معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

محکمے کے ڈیزائن ونگ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

وزیر موصلات

تکنیکی عملے میں اضافے اور جدید سہولیات کی دستیابی سے ڈیزائن ونگ زیادہ تیز معیاری اور مؤثر انداز میں خدمات انجام دے سکے گا

حکومت محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ڈیزائن ونگ کی استعداد بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے ڈیزائن ونگ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ ڈیزائن ونگ محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ جدید (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

بارکھان، 4 اشتہاری ملزمان گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) بارکھان پولیس نے 4 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق ڈی آئی جی کوہِ سلیمان ریجن، ایاز احمد بلوچ ایس پی بارکھان کی ہدایت پر، ڈی ایس پی سرکل بارکھان محمد علی کانگھیہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ ناہڑ کوٹ نیاز احمد عیشانی کھیتران نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد نمبر 026/12، زیر دفعات 337-AD، 147، 149 ت پ میں مطلوب/مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں طاہر محمد خان محمد سلیم میر محمد بارخان نواب خان شامل ہیں تمام ملزمان سکنہ ناہڑ کوٹ، خاجو، بارکھان بتائے گئے ہیں پولیس کے مطابق ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

میر صادق عمرانی کا سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کی وفات پر اہل خانہ سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان کے سینئر صحافی و تجزیہ نگار عبدالستار کاکڑ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ مرحوم عبدالستار کاکڑ ایک متحرک اور باصلاحیت صحافی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک نفیس طبع انسان بھی تھے۔ ان کی وفات سے صحافت کے شعبے پیدا ہونے والا خلاء کبھی بھی پر نہیں ہو سکے گا

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے مرحوم کے اہل خانہ اور لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عبدالستار کاکڑ کی صحافتی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے صدر ڈاکٹر فرحت حسین سے کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو کر رہے ہیں

جاپانی قونصل جنرل ندیم شاہ سے ریفارمز سوشل نیٹ ورک وفد کی ملاقات

ڈاکٹر فرحت حسین نے سید ندیم عالم شاہ کو ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ریفارمز سوشل نیٹ ورک بلوچستان کے صدر ڈاکٹر فرحت حسین کی قیادت میں ایک وفد نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ سے جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں سماجی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل میں تیزی لائی جائے، خالد خان

تمام امور شفاف اور قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں، ڈپٹی کمشنر

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت سرکاری واجبات کی وصولی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ مال کے افسران اور متعلقہ عملے نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ مال کے افسران کی جانب سے ضلع جعفر آباد میں سرکاری (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

موجودہ دور میں انفارمیشن ٹیکنالوجی بنیادی ضرورت بن چکی ہے، ولی محمد بڑیچ

سرکاری محکموں کے اہلکاروں کو جدید آئی ٹی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

لورالائی (خ ن) بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BIITMS) لورالائی میں ڈیجیٹل آفس مینجمنٹ کورس کی تقریب تقسیم اسناد منعقد ہوئی، جس کے مہمانِ خصوصی کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ تھے۔ کورس میں لورالائی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

حکومت عوامی فلاح کے تھامس کے تحفظ کو پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے، نسیم الرحمان

تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے ساتھ ساتھ ماحول دوست منصوبوں پر تیزی سے عمل جاری ہے

حکومت کا مقصد صرف ترقیاتی منصوبے مکمل کرنا نہیں بلکہ عوام کے لیے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل سے مختلف وفود نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود نے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل پر تفصیل سے گفتگو کی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)



صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ انتقال کر گئے

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صحافی و تجزیہ نگار حاجی عبدالستار کاکڑ عارضہ قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے، وہ کسٹم اہلکار نثار احمد کاکڑ کے والد، حاجی عبدالغفار، حاجی عبدالجبار، حاجی عبدالمنان، حاجی عبدالجلیل، حاجی عبدالجمیل، کے بھائی، حاجی بسم اللہ کاکڑ کے بھتیجے، پی آئی اے کے اہلکار محمد حنیف محمد اشرف کے چچا، سید عبدالبشیر، سید یاسین آغا، اور احمد اللہ کے برادر نسبتی ڈاکٹر طیب آغا کے سسر، حاجی صدیق، حاجی عثمان غنی اور حاجی ہاشم کے بھانجے،، پی آئی اے ملازم سید عبدالودود کے ماموں تھے، ان کی فاتحہ خوانی جامعہ مسجد طیبہ ایشین ویلاز لہڑی گیٹ سمنگلی روڈ پر لی جائے گی

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈائریکٹر جنرل صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) جہانزیب خان غوریزئی کے والد کے انتقال پر ان کے گھر جا کر تعزیت کی اور مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے رکن صوبائی اسمبلی محترمہ سلمہ خان کاکڑ کے دیور حاجی محمد جعفر خان کاکڑ کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ پر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحومین کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کی۔

ضلعی انتظامیہ نے ملاوٹ اور دیگر خلاف ورزیوں پر 8 افراد کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب کیپٹن (ر) کبیر زرکون اور اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیم کے ہمراہ ایسٹرن بائی پاس اور جنگ اسٹاپ پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران 8 ڈیری فارمز اور متعدد ملک شاپس کی چیکنگ کی گئی، جبکہ ملاوٹ اور دیگر خلاف ورزیوں پر 8 افراد گرفتار، 4 کو جرمانہ اور ایک ملک شاپ سیل کیا

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

خوشحال پاکستان کیلئے فرسودہ نظام کا خاتمہ ضروری ہے، پروفیسر حلیم صادق

ملک کو درپیش مسائل کی وجہ فرسودہ نظام ہے، نوجوان ملک کے روشن مستقبل میں اہم کردار ادا کریں

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ خوشحال، مضبوط اور ترقی یافتہ پاکستان کیلئے فرسودہ نظام میں تبدیلی ناگزیر ہے۔ ملک کو درپیش معاشی، سیاسی اور سماجی مسائل کی بنیادی وجہ موجودہ فرسودہ نظام ہے، جس میں اصلاحات اور بنیادی تبدیلی کے بغیر عوام کو حقیقی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

بچوں کی صحت اور تعلیم باہم منسلک ہیں، لعل جان جعفر

بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات اور ضروری سامان کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبائی سیکرٹری اسکولز لعل جان جعفر کی زیر نگرانی ٹیکنیکل ماڈل ہائی اسکول کوئٹہ میں بلوچستان اسٹوڈنٹ لرننگ امپروومنٹ پروگرام (BSLIP) کے تحت طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے، سیکھنے کے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا سستی نہ برتی جائے، وریندر لعل

حفاظتی ٹیکہ جات بچوں کو مختلف موذی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا اہم ذریعہ ہیں

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام (EPI) کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت کے افسران، ای پی آئی پارٹنرز اور ویکسینیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع نصیر آباد میں بچوں کو مختلف (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ڈائریکٹر این سی سی آئی بلوچستان خالد باقی ملاقات کر رہے ہیں

اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کے تعلیمی نتائج میں بہتری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عبدالوہاب مجید

تعلیمی اداروں کی مسلسل نگرانی، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی معیار کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا

اور ماڑہ (خ ن) سٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل گوادر عبدالوہاب مجید نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کی فراہمی، اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کے تعلیمی نتائج میں بہتری (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

چمن پسنجر بند کر کے کچلاک سے ٹرین چلانا ترقی نہیں، اسلم اچکزئی

چمن پسنجر ٹرین فوری بحال کی جائے، لاکھوں افراد کو سستی سفری سہولت سے محروم نہ کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے صوبے میں نئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان اگر واقعی عوام کو جدید، محفوظ اور سستی سفری سہولیات فراہم کرنا چاہتی ہے تو گزشتہ چھ ماہ سے بند کوئٹہ تا چمن (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

جدید ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونا وقت کی ضرورت ہے، راحیلہ درانی

ہمارے ادیب، محققین، اور شعرا ہمارا عظیم قومی وفکری سرمایہ ہیں جن کی کاوشیں معاشرے کو سمت اور شعور فراہم کرتی ہیں

علم وادب سے گہرا لگاؤ اور کتابوں سے وابستگی کسی بھی باحیات اور بیدار معاشرے کی روح ہوتی ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ثقافت (کلچر ڈیپارٹمنٹ) کے زیر اہتمام منعقدہ پروقار "علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈ" کی شاندار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم میڈم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ علم وادب سے گہرا لگاؤ اور کتابوں سے وابستگی کسی بھی باحیات اور بیدار معاشرے کی روح ہوتی ہے۔ ہمارے ادیب، محققین، اور شعرا ہمارا عظیم قومی و فکری سرمایہ ہیں جن کی کاوشیں معاشرے کو سمت اور شعو (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد/وزیر اعظم شہباز شریف، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ کے ہمراہ عوامی جمہوریہ چین کی 77 ویں سالگرہ کی تقریب کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

پٹرول ریلیف کی فراہمی میں غفلت اور رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، محمد رمضان

کل تک او ایم سی سے پاس ورڈ حاصل کر کے عوام کو وزیر اعظم پٹرول ریلیف فراہم کیا جائے گا

نصیر آباد (خ ن) وزیر اعظم پٹرول ریلیف اسکیم کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال اور اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمون نے طاہر پی ایس او پٹرول پمپ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او سٹی ندیم بہرانی بھی اپنی ٹیم کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد کھلی کچہری کے دوران عوام کے مسائل سن رہے ہیں

ہجرت کامران کی عدم بازیابی بدترین ظلم ہے، سید صادق آغا

پی ٹی آئی بلوچستان کے رہنماؤں کی مسلسل 3 ایم پی او کے تحت بندش قابل مذمت ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے حقیقی آزادی ٹائیگر ہجرت کامران کی طویل عرصہ سے عدم بازیابی جبکہ تحریک انصاف بلوچستان کے رہنماؤں شاہنواز کھرل، گل خان اچکزئی، فیصل، شاہ محمد اور دیگر کی مسلسل 3 ایم پی او کے تحت بندش کی سخت (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

بی آر اے کی ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائی تیز

میڈیکل پریکٹیشنرز، کنسلٹنٹس اور دیگر سروس فراہم کرنے والوں کو ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر نوٹسز اور شوکاز نوٹسز جاری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) نے ٹیکس قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ٹیکس کی عدم ادائیگی کرنے والے تمام افراد، اداروں اور سروس پروائیڈرز کے خلاف کارروائی کا عمل مزید تیز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹرز، میڈیکل پریکٹیشنرز (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)